★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 9 رجب المرجب 1446ھ، 10 جنوری 2025ء، 23 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 84

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

سستی توانائی کا حصول ترجیح ہے، اویس لغاری

آئی پی پیز کیساتھ مذاکرات کا اثر عام آدمی تک پہنچ چکا

بجلی مزید سستی ہوگی، 15 آئی پی پیز کے نظرثانی معاہدے کابینہ میں پیش کرنے جارہے ہیں، اب تک 1100 ارب روپے کی بچت کرچکے ہیں، آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات میں اب حکومتی پاور پلانٹس کی باری ہے،

کے الیکٹرک نے ملٹی ایئر ٹیرف کی مد میں بہت بڑی رقم مانگی ہے، میرے خیال میں یہ ملٹی ایئر ٹیرف اتنا نہیں بنتا، بہت کم ہونا چاہیے' کنڈا کلچر پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی کارکردگی اچھی نہیں ہے' وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری کا کہنا ہے ہماری خواہش ہے کہ بجلی کا ریٹ 50 روپے کم ہوجائے، آئی ایم ایف سے کیپٹو پاور پلانٹس پر بات چیت جاری ہے، 10 سے 12 روپے فی یونٹ تک بجلی سستی کرسکتے ہیں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاس میں وفاقی وزیر اویس لغاری کا کہنا تھا آئی ایم ایف کے ساتھ کیپٹو پاور پلانٹس پر بات چیت کررہے ہیں اور معاملہ اختتام کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اویس (بقیہ نمبر 32)



وزیراعلیٰ پنجاب پاکپتن شریف میں چیف منسٹر پنجاب لائیوسٹاک کارڈ کی لانچنگ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

حاملہ خواتین پر گولیاں چلانا ن لیگ کے ریکارڈ کا حصہ ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیرِ اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر علی سیف نے کہا ہے کہ ماڈل ٹاؤن میں حاملہ خواتین پر سیدھی گولیاں چلانا ن لیگ کے ریکارڈ کا حصہ ہے۔ موجودہ حکومت کے خلاف دیے گئے اپنے نئے بیان میں بیرسٹر علی سیف (بقیہ نمبر 36)

شام میں نئی حکومت کو اقوام متحدہ کی حمایت حاصل ہونی چاہیے' پاکستان

نئے حکومتی ڈھانچے کی پرامن منتقلی کو یقینی بنایا جائے' پاکستانی مندوب کا خطاب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کی جانب سے شام میں وحدت اور علاقائی سالمیت کو یقینی بنانے کے لیے نمائندہ طرز حکمرانی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبررساں اداارے کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں شام کی صورتحال پر بحث میں پاکستان (بقیہ نمبر 43)

معاشی اشاریے بہتر، ملک میں مہنگائی کم ہوئی استحکام نظر آرہا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب

کئی حکومتیں ایسی دیکھیں جو آخری وقت تک عوام کو کہتی تھیں کہ ہم منصوبوں پر کام کرنا چاہتے تھے، ہم اس چیز سے باہر نکل آئے ہیں، عوام کو لائیوسٹاک کا ثمر ملنا شروع ہوگیا

ڈولتی معیشت سنبھل رہی، ملک معاشی استحکام کی طرف گامزن ہے، نواز شریف دور کے بعد ایک بار پھر معیشت کے لیے اچھی خبریں آنے لگی ہیں' مریم نواز کا خطاب

پاکپتن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ڈولتی معیشت سنبھل رہی ہے، ملک معاشی استحکام کی طرف گامزن ہے۔ پاکپتن میں لائیو سٹاک کارڈ کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ نواز شریف دور کے بعد ایک بار پھر معیشت کے لیے اچھی خبریں آنے لگی ہیں، ملک معاشی استحکام کی طرف گامزن ہے، لائیو سٹاک سکیم (بقیہ نمبر 40)

ہم اپنا ماڈل لائینگے کسی اور ملک کو فالو نہیں کرینگے، چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ

خیبر پختونخوا کی متعدد جیلوں میں گنجائش کی کمی ہے، 100 قیدیوں کی گنجائش والی جیلوں میں 400 قیدیوں کو رکھا جارہا ہے' جسٹس اشتیاق ابراہیم

دارالامان کو صرف ایک اعلامیہ کی بنیاد پر چلایا جارہا ہے' پولیس، محکمہ داخلہ، جوڈیشل ڈپارٹمنٹ سمیت دیگر جیل اصلاحات کیلئے نیا ماڈل لارہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا ہے کہ ہم اپنا ماڈل لائیں گے کسی اور ملک کو فالو نہیں کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس اشتیاق ابراہیم کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کی متعدد جیلوں میں گنجائش کی کمی ہے، 100 قیدیوں کی گنجائش والی جیلوں میں 400 قیدیوں کو رکھا جارہا ہے، اکثر جیلوں میں قیدیوں (بقیہ نمبر 39)



اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

سویلینز کے ملٹری ٹرائل کیا فوجی عدالتوں میں خاص ثبوت فراہم کیا جاتا ہے، آئینی بنچ

کون اکیس ملٹری کورٹ اور اے ٹی سی میں جائے، یہ تفریق کیسے ہوئی؟ مرکزی فیصلے میں آرمی ایکٹ کی شق 2 ڈی کالعدم قرار دی، کیا اب کلبھوشن یادیو جیسے ملک دشمن جاسوس کا کیس ملٹری کورٹس میں چل سکتا ہے؟، ریمارکس

کیا 9 مئی کا واقعہ دہشت گردی سے زیادہ سنگین جرم ہے جو ان کا ٹرائل فوجی عدالت میں ہورہا ہے؟ اچھے تفتیشی افسران اور پراسیکیوٹر رکھیں تو عدالتوں سے سزائیں بھی ہوں گی، جسٹس حسن اظہر رضوی' سماعت آج تک ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے رکن جسٹس علی مظہر نے کہا ہے کہ یہ تفریق کیسے ہوئی کہ کچھ ملزمان کا ٹرائل ملٹری کورٹ میں ہوگا اور کچھ کا انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) میں؟ عدالت عظمیٰ نے مرکزی فیصلے میں آرمی ایکٹ کی شق 2 ڈی کالعدم قرار (بقیہ نمبر 64)

26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف دائر درخواستوں سے متعلق نئی درخواست دائر

فل کورٹ میں تمام ججز شامل ہوں جو آئینی ترمیم کے وقت سپریم کورٹ کا حصہ تھے' استدعا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواستوں سے متعلق نئی درخواست دائر کردی گئی۔ لاہور ہائی کورٹ بار نے فل کورٹ تشکیل دینے کی متفرق درخواست دائر کردی۔ متفرق درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کا کیس انتہائی اہم ہے، آئینی ترمیم کے کیسز کی ماضی میں بھی فل کورٹ نے ہی سماعت کی۔ درخواست میں (بقیہ نمبر 33)

حسان نیازی ماموں پر گئے ہیں جو دہشتگردی، فساد پر موٹ کرتے ہیں، عظمیٰ بخاری

حسان نیازی کا جرم صرف فوجی پینٹ لہرانا نہیں بلکہ اس کا پورا ٹریک ریکارڈ ہے' وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (خبرنگار) وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ حسان نیازی کا جرم صرف فوج کی پینٹ لہرانا نہیں بلکہ اسکا پورا ٹریک ریکارڈ ہے۔ حسان نیازی اپنے ماموں کے نقشے قدم پر چلنے کی وجہ سے اس حال میں ہے۔ حسان نیازی کا ماموں ہمیشہ سے تشدد، دہشتگردی اور (بقیہ نمبر 35)



گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان دورہ ایران کے دوران گورنر نیشاپور مہدی واندیج سے ملاقات کے بعد سوئیٹر پیش کررہے ہیں

آئی پی یو عمران خان کے خلاف مقدمات کا جائزہ لے گا

اسلام آباد (این این آئی) عالمی پارلیمانی ادارہ انٹر پارلیمانی یونین (آئی پی (بقیہ نمبر 41)

حکومت' پی ٹی آئی مذاکرات غیبی مجبوری کے تحت ہیں' لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی (بقیہ نمبر 42)



اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سید سیدال خان سے ازبکستان کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

گریٹر اسرائیل کے نقشے پر سعودی مؤقف امتِ مسلمہ کی ترجمانی ہے' طاہر محمود

امتِ مسلمہ مسئلہ فلسطین اور اسرائیل سے متعلق سعودی عرب کے مؤقف کے ساتھ ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ گریٹر اسرائیل کے نقشے کے معاملے پر سعودی عرب کا مؤقف امتِ مسلمہ کی ترجمانی (بقیہ نمبر 56)

پی ٹی آئی رہنماؤں کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے کوششیں

اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی ہدایت پر فیصل چوہدری نے جیل حکام سے رابطہ کیا' جواب نہ ملا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کی جانب سے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے کوششیں کی گئیں۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب (بقیہ نمبر 55)

آڈیو لیک کیس: علی امین گنڈاپور کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار

اسلام آباد (این این آئی) آڈیو لیک کیس میں وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ (بقیہ نمبر 54)

اگر حکومت واقعی اختیار رکھتی ہے تو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرائے، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ اگر حکومت واقعی اختیار رکھتی ہے تو بانی پی (بقیہ نمبر 53)



کراچی، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

حکومت، پی ٹی آئی مذاکرات کامیاب نہیں ہوں گے' حسن مرتضیٰ

پیپلز پارٹی حکومت کی اتحادی ہے حمایتی نہیں' جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی پنجاب

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کی حمایت سے پیپلز پارٹی کو نقصان ہوا، پیپلز پارٹی حکومت کی اتحادی ہے حمایتی نہیں۔ شیخوپورہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حسن مرتضیٰ نے کہا کہ (ن) لیگ (بقیہ نمبر 62)

نواز شریف کا دوبارہ سے سیاسی سرگرمیاں شروع کرنے کا فیصلہ

پارٹی سیکرٹریٹ میں پیر سے روزانہ کی بنیاد پر سیاسی سرگرمیاں شروع کرینگے' ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے دوبارہ سے سیاسی سرگرمیاں شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق نواز (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد ہائیکورٹ' لطیف کھوسہ کو بیرون ملک جانے کی اجازت

ٹرائل کورٹ میں بیان حلفی دیں کہ جب عدالت بلائے پیش ہوں گے' لطیف کھوسہ کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سینیئر وکیل لطیف کھوسہ کو بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے لطیف کھوسہ کا ای سی ایل سے نام (بقیہ نمبر 51)

6 مہینوں میں 148 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہوئے

وزارت منصوبہ بندی سے 6 ماہ کی ترقیاتی بجٹ کے اخراجات کی تفصیلات جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزارت منصوبہ بندی نے 6 ماہ کی ترقیاتی بجٹ کے اخراجات کی تفصیلات جاری کردیں۔ وزارت منصوبہ بندی نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کا نظرثانی شدہ پی ایس ڈی پی 1100 ارب روپے ہے، پہلے 6 مہینوں میں 148 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہوئے۔ 6 ماہ میں 376 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز کے اجراء کی منظوری دی گئی، وفاقی وزارتوں کے ترقیاتی منصوبوں پر 124 ارب 52 کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ وزارت منصوبہ بندی کا کہنا ہے کہ کارپوریشنز کے ترقیاتی منصوبوں پر 23 ارب 60 کروڑ روپے اور وزارت آبی وسائل کے منصوبوں پر 32 ارب روپے خرچ ہوئے۔ صوبوں اور خصوصی علاقوں کے ترقیاتی منصوبوں پر 46 ارب روپے (بقیہ نمبر 52)

حکومت مشکل میں گلگت بلتستان کی عوام کیساتھ کھڑی ہے، رانا ثناء

وفاقی حکومت کو گلگت بلتستان کے لوگوں کی مشکلات کا ادراک ہے، مشیر سیاسی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ وعوامی امور رانا ثناء نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور وفاقی حکومت کو گلگت بلتستان کے لوگوں کی مشکلات کا ادراک ہے اور حکومت اس مشکل میں گلگت بلتستان کی عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر (بقیہ نمبر 38)

بھارت مخالف سکھ رہنما کی وزیراعظم شہباز شریف کو مبارک باد

نئی دہلی (این این آئی) بھارت مخالف سکھ رہنما گورچونت سنگھ نے وزیراعظم شہباز شریف کو پاکستان کا سیکورٹی کونسل میں (بقیہ نمبر 37)

کسی کو بھی غیر قانونی طور پر پاکستان میں رہنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، محسن نقوی

دہشت گردی عالمی مسئلہ، دنیا کو ملکر کر دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے لائحہ عمل بنانا ہوگا' وزیر داخلہ سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی الوداعی ملاقات' گفتگو

پاکستان میں تعیناتی کے دوران تمام اداروں کا بھرپور تعاون حاصل رہا' امریکی سفیر نے پاکستان میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کسی کو بھی غیر قانونی طور پر پاکستان میں رہنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے الوداعی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاک امریکہ تعلقات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا، وفاقی سیکرٹری داخلہ خرم علی آغا اور امریکی ڈپٹی ہیڈ آف مشن نیٹلی بیکر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ محسن نقوی نے پاک امریکہ تعلقات کے (بقیہ نمبر 63)



اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے سبکدوش ہونیوالے امریکی سفیر ملاقات کررہے ہیں

پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج شروع ہوگا' انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج (جمعہ) دوپہر دو بجے شروع (بقیہ نمبر 61)

پی آئی اے کی پیرس کیلئے چار سال بعد پہلی پرواز آج روانہ ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی پیرس کیلئے چار سال کے طویل وقفے کے بعد پہلی پرواز آج (جمعہ) 10 جنوری (بقیہ نمبر 60)

بچوں کی موج مستی ختم، موسم سرما کی تعطیلات ختم' وفاقی تعلیمی ادارے کھل گئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سرکاری تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی سرگرمیاں بحال ہوگئیں۔ وفاقی (بقیہ نمبر 58)

پاکستان' کوریا کے مابین معاشی شراکت داری معاہدے کے مذاکرات کا آغاز

سیول (این این آئی) پاکستان اور کوریا نے معاشی تعاون کو مضبوط بنانے کی ایک اہم پیش رفت کے طور پر معاشی شراکت داری معاہدے (ای پی اے) کے مذاکرات کا باقاعدہ (بقیہ نمبر 57)

سعودی عرب جانیوالے تمام مسافروں کیلئے پولیو ویکسی نیشن لازمی قرار

ٹرانزٹ ایریا سے باہر نہ جانے والے مسافر پولیو ویکسی نیشن سرٹیفکیٹ سے مستثنیٰ

لاہور (این این آئی) سعودی عرب جانے والے تمام مسافروں کیلئے پولیو ویکسی نیشن لازمی قرار دے دی گئی۔ سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے مسافروں کے لیے پولیو ویکسی نیشن لازمی قرار دی۔ سعودی سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق پاکستان، افغانستان، کینیا، (بقیہ نمبر 59)

وزارت مذہبی امور کا بچ جانے والے کوٹے پر دوبارہ درخواستیں لینے کا فیصلہ

سرکاری اسکیم کے تحت مزید 5 ہزار افراد کو حجاز مقدس بھیجا جائے گا، اگلے ہفتے طلب کی جائینگی

لاہور (این این آئی) وزارت مذہبی امور کا بچ جانے والے کوٹے پر دوبارہ درخواستیں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق سرکاری اسکیم کے تحت مزید 5 ہزار افراد کو حجاز (بقیہ نمبر 45)

2025 کے آخر تک عوام کو معاشی استحکام کے دیرپا ثمرات ملیں گے

گورنر سٹیٹ بینک

افراط زر کو 38 سے کم کرکے 4.1 فیصد پر لے آئے' پالیسی ریٹ میں نمایاں کمی لائی گئی، انڈسٹری کیساتھ مل کر مسائل کا حل نکالنا ہے

مشکل حالات میں بھی انڈسٹری چلتی رہی' خوراک کے حوالے سے معاملات بہتر ہوں گے، کرنٹ اکاؤنٹ اس وقت سرپلس ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ 2025 کے آخر تک افراط زر مستحکم ہوجائے گی، عوام کو معاشی استحکام کے دیرپا ثمرات ملیں گے۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ افراط زر کو 38 سے کم کرکے 4.1 فیصد (بقیہ نمبر 34)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کررہے ہیں

الیکشن کمیشن' پی ٹی آئی سینیٹر سیف اللہ ابڑو کیخلاف ریفرنس خارج

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن (ای سی پی) نے پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 48)

بانی پی ٹی آئی سے حکم ملا ہے کہ شہداء کی بات کریں، زرتاج گل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کی پارلیمانی لیڈر ز (بقیہ نمبر 49)

حکومت این آر او کی سیاست چھوڑ دے، یہ کوئی نہیں مانگ رہا، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت این آر او کی سیاست چھوڑ دے، این آر او کوئی نہیں مانگ رہا۔ ایک بیان میں انہوں (بقیہ نمبر 50)

چائنیز قونصل خانے کا پاکستان کے سکیورٹی اقدامات پر اظہارِ اطمینان

سپیشل پروٹیکشن یونٹ بہترین سکیورٹی فراہم کررہا ہے' چائنیز ڈائریکٹر آف ایڈمنسٹریشن

لاہور (این این آئی) چائنیز قونصل خانے کی جانب سے پاکستان کے سکیورٹی اقدامات پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے۔ گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشنز عثمان اعجاز باجوہ نے (بقیہ نمبر 47)

صیہونی حکومت کا گریٹر اسرائیل کا متنازع نقشہ جاری، سعودی عرب نے مسترد کردیا

نقشے میں مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے علاوہ اردن، شام، لبنان اور دیگر عرب ممالک کو صیہونی ریاست کا حصہ دکھایا گیا ہے

ایسے بے بنیاد اور انتہا پسند اقدامات اسرائیلی حکام کے غاصبانہ ارادوں کو ظاہر کرتے ہیں' سعودی وزارت خارجہ

یروشلم (مانیٹرنگ ڈیسک) صیہونی حکومت نے نام نہاد گریٹر اسرائیل کے متنازع نقشے جاری کردیئے۔ صیہونی حکومت کی جانب سے جاری کئے نقشے میں مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے علاوہ اردن، شام، لبنان اور دیگر عرب ممالک کو صیہونی ریاست کا حصہ دکھایا گیا ہے۔ فلسطین، سعودی عرب، قطر، اردن، متحدہ عرب امارات نے اسرائیل کے نام نہاد تاریخی صیہونی ریاست کے متنازع نقشے کی مذمت کی ہے۔ سعودی عرب نے اسرائیلی نقشے (بقیہ نمبر 46)



وفاقی وزیر جام کمال خان اور کوریا کے وزیر تجارت کے درمیان شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

حکومت واقعی اختیار رکھتی ہے تو عمران خان سے ملاقات کرائے، عمر ایوب

ہمیں بتایا گیا کہ ملاقات کرانا جیل مینوئل میں شامل نہیں، حکومت اپنی بات سے مکر رہی ہے' مذاکرات سے متعلق 3 مطالبات ہیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کا کہنا ہے کہ اگر حکومت واقعی اختیار رکھتی ہے تو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرائے۔ اسلام آباد کے جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات سے متعلق 3 مطالبات ہیں۔ عمر ایوب کا کہنا ہے کہ 9 مئی، 26 نومبر کا جوڈیشل کمیشن اور کارکنان کی رہائی مطالبات میں شامل ہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات چاہتے ہیں لیکن ملاقات نہیں کرائی گئی۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ہمیں بتایا گیا کہ ملاقات کرانا جیل مینوئل میں شامل نہیں، حکومت اپنی بات سے مکر رہی ہے۔



سرگودھا میں کار پر فائرنگ کے واقعہ کے بعد لوگ جمع ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

سربراہ عوامی اتحاد میاں عمران صدیقی نے عمرہ کی سعادت حاصل کر لی

اتحاد امن کونسل نے میاں عمران صدیقی کو عمرہ ادائیگی کی مبارکباد دی

فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) عمرہ کی ادائیگی ایک سعادت ہے جو قسمت والوں کو نصیب ہوتی ہے، شہر کی معروف سماجی شخصیت سربراہ عوامی اتحاد فاروق آباد میاں محمد عمران صدیقی عمرہ ادائیگی مکمل کر کے واپس تشریف لے آئے، شہر کی تمام سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں کے سربراہان و قائدین کی جانب سے ملاقات اور مبارکباد کا سلسلہ شروع ہو گیا، شہر میں اپنی نوعیت کی واحد تنظیم بین المذاہب و مسالک ہم آہنگی اتحاد امن کونسل کے ممبران نے میاں عمران صدیقی سے ملاقات کی اور مبارکباد دی چیئرمین حافظ عزیز اسد، جنرل سیکرٹری حافظ عثمان ہاشمی سمیت علامہ گلزار فیاضی، الحاج محمد یوسف رحمانی، میاں پرویز، بابر علی بسراء، میاں سلامت علی، حافظ عاطف سمیت پاسٹر عامر شہباز، غلام حسین چوہدری، حاجی عمران کمبوہ ملاقات میں موجود تھے، ملاقات کے اختتام پر پاکستان کے امن و سلامتی سمیت فاروق آباد کی ترقی و خوشحالی کی دعا کی گئی۔

تیز رفتار بس کی ٹکر سے چاند گاڑی ڈرائیور شدید زخمی

مدثر کا بھائی مقدر جو کہ ڈلیوری کا کام کرتا تھا کو پیچھے سے آنیوالی تیز رفتار بس جس کو نامعلوم ڈرائیور چلا رہا تھا نے ٹکر ماردی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز رفتار بس کی ٹکر سے چاند گاڑی ڈرائیور شدید زخمی تھانہ موترہ کے علاقہ گھوئینکی کے مدثر کا بھائی مقدر جو کہ ڈلیوری کا کام کرتا تھا گزشتہ روز وہ رکشہ پر جا رہا تھا کہ اس کو پیچھے سے آنیوالی تیز رفتار بس جس کو نامعلوم ڈرائیور چلا رہا تھا نے ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں اس کا بھائی شدید زخمی ہو گیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

واپڈا لائن مین کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

پیر فتح خاں کالونی کا سمیر علی ڈبل سورس دو علیحدہ فیڈرز سے کنکشن لگا کر دینے کی ضد کر رہا ہے جو کہ قانون جرم ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) واپڈا لائن مین کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج ایس ڈی او واپڈا نے پولیس کو درخواست دی کہ پیر فتح خاں کالونی کا سمیر علی ڈبل سورس دو علیحدہ فیڈرز سے کنکشن لگا کر دینے کی ضد کر رہا ہے جو کہ قانون جرم ہے لائن مین نے اس کو ایسا کرنے سے منع کیا تو ملزم نے لائن مین اور واپڈا اہلکاروں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کر دیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

نظام ٹی وی کی 10 ویں سالگرہ کی تقریبات کا سلسلہ جاری

وائس آف جرنلسٹس پاکستان کی طرف سے نظام ٹی وی کی دسویں سالگرہ کیک کی پروقار تقریب کا اہتمام



لاہور (سپیشل رپورٹر) نظام ٹی وی کی 10 ویں سالگرہ کی تقریبات کا سلسلہ جاری وائس آف جرنلسٹس پاکستان کی طرف سے نظام ٹی وی کی دسویں سالگرہ کیک کی پروقار تقریب کا اہتمام یونیک کالج اینڈ سائنس اکیڈمی لوئر مال کیمپس کے ڈائریکٹر حافظ عمران الحق چوہدری ایگزیکٹو ممبر VJP نے کیا جس میں نظام ٹی وی کے سی او اور VJP کے سینئر وائس چیئرمین ڈاکٹر شاہد استقلال، صدر VJP ندیم شہزاد علی، جنرل سیکرٹری شیخ نعیم ضیا، فنانس سیکرٹری چوہدری ناصر، لیڈرز میڈیا کلب کے بانی صدر محمد عثمان غنی، سینئر صحافی لیڈر ڈاکٹر شجاعت، پیر اظہار چشتی اسلام آباد، قلم مزدور اتحاد کے مرکزی صدر منظور چوہدری، جنرل سیکرٹری صابر غوری، سینئر صحافی اشفاق رحمانی، چیف رپورٹر نظام ٹی وی کاشف حسن، سنیر اینکر نظام ٹی وی عنصب ملک و دیگر نے تقریب میں شرکت کی، تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، نظام ٹی وی کی 10 ویں سالگرہ پر مبارکباد کے پیغامات دیتے ہوئے حافظ عمران الحق و دیگر مہمانوں کا کہنا تھا۔ ڈاکٹر شاہد استقلال سی ای او نظام ٹی وی نے کہا نظام ٹی وی کی 10 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا، اور پرتکلف کھانے کا اہتمام بھی کیا گیا، اخر میں پیر اظہار چشتی نے پاکستان اور نظام ٹی وی کی مزید کامیابی کیلئے دعا کروائی گئی۔



عمرہ کی ادائیگی ایک سعادت ہے جو قسمت والوں کو نصیب ہوتی ہے، شہر کی معروف سماجی شخصیت سربراہ عوامی اتحاد فاروق آباد میاں محمد عمران صدیقی عمرہ ادائیگی مکمل کر کے واپس تشریف لے آئے

سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے پتنگ بازی کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف مہم مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا

پتنگ بازی کے خلاف جاری حالیہ کریک ڈاؤن میں 33 افراد گرفتار، 32 مقدمات درج کر کے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 64 پتنگیں، 26 چرخیاں برآمد کی گئیں

پتنگ بازی کے واقعات کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، دھاتی ڈور و پتنگیں تیار کرنے، خرید و فروخت اور استعمال کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جا رہا ہے

دھاتی ڈور اور پتنگوں کے خونی کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، پتنگوں و ڈور کی آن لائن خرید و فروخت پر کڑی نظر رکھی جائے

اِنٹری پوائنٹس پر پتنگ سازی کے خام مال کی ترسیل روکنے کے لیے خصوصی اقدامات کئے جائیں، سربراہ لاہور پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے پتنگ بازی کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف مہم مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا ترجمان کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی کے خلاف جاری حالیہ کریک ڈاؤن میں 33 افراد گرفتار، 32 مقدمات درج کر کے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 64 پتنگیں، 26 چرخیاں برآمد کی گئیں اس حوالے سے سربراہ لاہور پولیس کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی کے واقعات کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ دھاتی ڈور و پتنگیں تیار کرنے، خرید و فروخت اور استعمال کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جا رہا ہے۔ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے خونی کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ جس کہ پتنگوں و ڈور کی آن لائن خرید و فروخت پر کڑی نظر رکھی جائے۔ اور اِنٹری پوائنٹس پر پتنگ سازی کے خام مال کی ترسیل روکنے کے لیے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے پتنگ بازی کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف مہم مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا ترجمان کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی کے خلاف جاری حالیہ کریک ڈاؤن میں 33 افراد گرفتار، 32 مقدمات درج کر کے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 64 پتنگیں، 26 چرخیاں برآمد کی گئیں اس حوالے سے سربراہ لاہور پولیس کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی کے واقعات کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ دھاتی ڈور و پتنگیں تیار کرنے، خرید و فروخت اور استعمال کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جا رہا ہے۔ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے خونی کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ جس کہ پتنگوں و ڈور کی آن لائن خرید و فروخت پر کڑی نظر رکھی جائے۔ اور اِنٹری پوائنٹس پر پتنگ سازی کے خام مال کی ترسیل روکنے کے لیے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔

ڈسکہ: نابالغ بچے سے بھیک منگوانے پر والد کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نابالغ بچے سے بھیک منگوانے پر والد کیخلاف مقدمہ درج چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سیالکوٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چونگی نمبر آٹھ پر چھاپہ مارا تو نابالغ بچہ وسیم بھیک مانگ رہا تھا جس کو انہوں نے قابو کیا تو اس نے بتایا کہ یہ کام اس سے اس کا والد محمد ولائیت کروا رہا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈسکہ: ریسکیو ون فائیو پر اغوا اور بدفعلی کی بوگس کال چلانیوالا ملزم گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ریسکیو ون فائیو پر اغوا اور بدفعلی کی بوگس کال چلانیوالا ملزم گرفتار موضع دھرم کوٹ کے اجمل نے ریسکیو ون فائیو پر کال چلائی کہ اس کے سالے کو اغوا کر کے بدفعلی کی کوشش کی گئی ہے پولیس نے جا کر چیک کیا تو اس کی کال بوگس ثابت ہوئی پولیس نے ملزم اجمل کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے

بے حس حکمران سنجیدگی سے عافیہ کیس کے حل کے لیے کردار ادا کریں

ڈاکٹر عافیہ کی رہائی تک جدوجہد جاری رہے گی: رانا ہاشم

سمندری (تحصیل رپورٹر) ٹیم عافیہ پاکستان کے صدر ڈاکٹر حمزہ صدیقی نے کہا ہے کہ قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ کی دہائیوں سے امریکی جیل میں جسمانی ذہنی اور جنسی اذیتیں سہہ رہی ہیں مگر مجال ہے کہ پاکستان کے بےحس حکمران سنجیدگی سے عافیہ کیس کے حل کے لیے کردار ادا کریں۔ حالیہ عدالتی حکم پر ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کیلیے امریکہ جانے والا وفد، عافیہ صدیقی کا مقدمہ لڑنے کی بجائے ذاتی تشہیر میں مگن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عقل کے ناخن لے اور ڈپلومیٹک ٹرمز پر عافیہ کی رہائی کو ممکن بنائے۔ ٹیم عافیہ آخری دم تک اپنی بہن کی رہائی اور وطن واپسی کیلیے کوشاں رہے گی۔ میں عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ باڈن انتظامیہ جاتے جاتے قیدیوں کو معاف کر رہی ہے، عافیہ کی رہائی کے لیے ہر شہری لازمی آن لائن پٹیشن سان کریں۔ ٹیم عافیہ پاکستان کے زیر اہتمام فیصل آباد پریس کلب سمیت ملک کے بیس سے زائد شہروں میں ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کیلئے سرکاری حکام کی جانب سے غفلت برتنے کے خلاف پرامن احتجاجی مظاہرے کئے گئے جس میں ڈاکٹر عافیہ کے سپورٹرز کے علاوہ مختلف دینی، سیاسی اور سماجی جماعتوں نے شرکت کی۔ ٹیم عافیہ فیصل آباد کے صدر حماد شہروز، غلام عباس احمد عبداللہ نے کہا کہ قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ ابھی تک اغیار کی قید میں ہے، امریکی انتخابات کے بعد امریکی صدر سینکڑوں قیدیوں کو معافی دے چکے ہیں، جن میں سے ایک ڈاکٹر عافیہ بھی با آسانی رہا ہو سکتی ہیں اگر حکومتِ پاکستان سنجیدگی کا مظاہرہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستانی عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ ٹیم عافیہ کا ساتھ دیں اور اٹھ کھڑے ہوں اور گلی، چوراہوں، اور سوشل میڈیا پر ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کے لیے بھرپور آواز اٹھائیں۔ کیونکہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی انسانیت کا تقاضا ہے اور اس حوالے سے عالمی برادری اور حکام بالا کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ اس معاملے کو درست طریقے سے حل کیا جا سکے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے حقوق کی پامالیوں پر انسانی حقوق کے علمبردار آخر خاموش کیوں ہیں؟ ٹیم عافیہ کا عزم صرف اور صرف عافیہ کی رہائی ہے اور ہم ہر ممکن کوششوں سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو رہا کروا کے پاکستان لائیں گے۔

چیئرمین سٹی پریس کلب شکر گڑھ نمائندہ پاکستان ٹیلی ویژن نیوز محمد رمضان مظفر کو اللہ تعالیٰ نے رحمت (بیٹی) سے نوازا

شکر گڑھ (عمران عارف سے) چیئرمین سٹی پریس کلب شکر گڑھ نمائندہ پاکستان ٹیلی ویژن نیوز محمد رمضان مظفر کو اللہ تعالیٰ نے رحمت (بیٹی) سے نوازا ھے اراکین سٹی پریس کلب کی جانب سے محمد رمضان مظفر کو مبارکباد کا سلسلہ جاری بیٹی کے لیے نیک تمنائیں اور درازی عمر کے لیے دعا بھی کی گئی



ٹیم عافیہ پاکستان کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

صوبائی دارالحکومت میں ڈولفن سکواڈ کی 24/7 سنیپ چیکنگ و پٹرولنگ جاری ہے، ایس پی ڈولفن

72 گھنٹے کے دوران سٹریٹ کریمینلز، ڈاکوؤں، اشتہاریوں، عدالتی مفروران، کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران 12 اشتہاریوں سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب 198 ملزمان گرفتار کیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی ڈولفن شاہ۔ میر خالد کا کہنا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں ڈولفن سکواڈ کی 24/7 سنیپ چیکنگ و پٹرولنگ جاری ہے 72 گھنٹے کے دوران سٹریٹ کریمینلز، ڈاکوؤں، اشتہاریوں، عدالتی مفروران، کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران 12 اشتہاریوں سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب 198 ملزمان گرفتار کیے گئے گرفتار ملزمان پر سنگین جرائم کے متعدد مقدمات درج ہیں۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے مزید بتایا کہ ڈولفن سکواڈ نے 128 ریکارڈ یافتہ، 40 عادی مجرمان کو حراست میں لیا۔ مختلف زیر سماعت مقدمات میں 13 عدالتی مفروران، سٹریٹ کریمنلز سمیت متفرق جرائم کے 5 ملزمان کو گرفتار کیا ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد۔ کا۔ مزید کہنا تھا کہ شہر میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے ہمہ وقت الرٹ ہیں۔



لاہور، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ ربزنس کمیونٹی کے نمائندوں سے خطاب کر رہے ہیں

ڈولفن اسکواڈ نے ستوکتلہ کے علاقے موبائل سنیچنگ کی واردات کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار کر کے متعلقہ پولیس کے حوالے کر دیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن اسکواڈ نے ستوکتلہ کے علاقے موبائل سنیچنگ کی واردات کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار کر کے متعلقہ پولیس کے حوالے کر دیے ترجمان ڈولفن کے مطابق ڈولفن ٹیم ستوکتلہ کے علاقے میں شہری کی نشاندہی پر چند روز قبل شہری سے چھینے جانیوالے موبائل موبائل فون کی لوکیشن ٹریس کر کے ملزم کو شادیوال چوک سے راؤنڈ اپ کر کیملزمان ارمغان، جنید کے قبضہ سے چھینا گیا ہزاروں روپے مالیت کا موبائل برآمد کر کے ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے تھانہ ستوکتلہ کے حوالے کر دیا ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کا کہنا ہے کہ ڈولفن سکواڈ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔

انویسٹی گیشن تھانہ کوٹ لکھپت پولیس نے 14 سال سے ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم کو بہاولنگر سے گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انویسٹی گیشن تھانہ کوٹ لکھپت پولیس نے 14 سال سے ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم کو بہاولنگر سے گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق کوٹ لکھپت انویسٹیگیشن پولیس نیکاروائی کے دوران 14 سال سے ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم لیاقت علی کو بہاولنگر سے گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم لیاقت علی 2011 سے لاہور پولیس کو ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب تھا،



لاہور، وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین کو سی ای او ایل ڈبلیو اہم سی صوبائی دارالحکومت کے ماسٹر صفائی پلان بارے بریفنگ دے رہے ہیں

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ
ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر یکم جنوری 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2953 روپے ہوگی
اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے
پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ کوریٹیل نیٹ ورک کے لئے پاکپتن، بنگہ حیات، حویلی لکھا، دیپالپور، حجرۂ شاہ مقیم اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں
ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں
پاکپتن پرائیویٹ لمیٹڈ 17 ایس پی دیپالپور روڈ پاکپتن شریف۔

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ
ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر یکم جنوری 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2953 روپے ہوگی
اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے
اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ کوریٹیل نیٹ ورک کیلئے بہاولنگر، چشتیاں، منچن آباد اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں
ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں
اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ مین جی ٹی روڈ 9 کلومیٹر عارفوالا روڈ تو گیرہ شریف روڈ بہاولنگر





ڈسکہ۔ اسسٹنٹ کمشنر ماہم مشتاق میلاد چوک میں تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کی نگرانی کر رہی ہیں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سمسٹر بہار 2025 سمسٹر کے داخلے یکم جنوری سے جاری ہیں، محمد لطیف

میٹرک انٹرمیڈیٹ بی ایڈ پروگرام اور سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 فروری ہے

شکر گڑھ (عمران عارف سے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل افس نارووال کے ریجنل ڈائریکٹر محمد لطیف کے بیان کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سمسٹر بہار 2025 سمسٹر کے داخلے یکم جنوری سے جاری ہیں جس میں میٹرک سے لے کر پی ایچ ڈی تک کے پروگرام شامل ہیں میٹرک انٹرمیڈیٹ بی ایڈ پروگرام اور سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 فروری ہے جبکہ پی ایچ ڈی ایم فل ایم ایس پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ ایسوسی ایٹ ڈگری بی اے اور بی ایس میں داخلے کی اخری تاریخ 17 فروری ہے پہلے سے جاری طلبہ بذریعہ سی ایم ایس انرولمنٹ 24 فروری تک کروا سکتے ہیں کسی بھی قسم کی مزید معلومات کے لیے افس کے ٹیلی فون نمبر۔ 0542413122 0542423232 اور ریجنل افس کے واٹس ایپ نمبر 03080918653 کے ذریعے بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ اوپن یونیورسٹی مختلف کمیونٹیز کے طلبہ ک...

کرائم فری سٹی کرمنل اسٹیٹ بن گئی شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 399 وارداتیں رپورٹ

نقب زنی کی وارداتوں کے دوران چور مختلف علاقوں کے 7 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے

لاہور (کرائم رپورٹر) کرائم فری سٹی کرمنل اسٹیٹ بن گئی شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 399 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس۔ زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں کے دوران چور مختلف علاقوں کے 7 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو ڈاکو شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 11 افراد سے لاکھوں روپے، 3 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 16 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 29 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں، 5 دیگر وہیکل، 2 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 324 وردا تیں رپورٹ ہوئیں۔



لاہور، ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر فریاد حسین گلے پر ڈور پھرنے سے زخمی ہونیوالے نوجوان کی عیادت کر رہے ہیں

لاہور کی ٹریفک کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے حکومت نے اہم فیصلے کئے ہیں، پولیس حکام

جن کے تحت تین مرحلوں میں اقدامات کئے جائیں گے، پہلے مرحلے میں، شہر کی سڑکوں سے تجاوزات اور غلط پارکنگ کو ختم کرنے کے لیے آپریشن کیا جائے گا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کی ٹریفک کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے حکومت نے اہم فیصلے کئے ہیں، جن کے تحت تین مرحلوں میں اقدامات کئے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں، شہر کی سڑکوں سے تجاوزات اور غلط پارکنگ کو ختم کرنے کے لیے آپریشن کیا جائے گا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ تجاوزات اور رانگ پارکنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور ان کا خاتمہ کیا جائے گا۔ دوسرے مرحلے میں، فیروز پور روڈ پر ایک نئی "ڈائمنڈ لین" بنائی جائے گی جو خاص طور پر رکشہ اور موٹر سائیکل سواروں کے لئے مخصوص ہوگی۔ مسائل کے حل کیلئے تیسرے مرحلے میں، شہر بھر کے 81 اہم پوائنٹس پر روڈ انجینئرنگ کو بہتر بنایا جائے گا اور ٹریفک کی روانی میں مشکلات کو کم کرنے کے لئے متعدد سڑکوں کو سگنل فری کیا جائے گا۔ حکام کا کہنا ہے کہ روڈز پر پیچ ورک اور دیگر ضروری کام کروا کر ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا جائے گا

چوکی پنجاب سوسائٹی ستوکتلہ پولیس نے 02 رکنی موٹر سائیکل سنیچر گینگ گرفتار کر لیا

گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 10 چوری شدہ موٹر سائیکل، ہزاروں روپے نقدی، ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی پنجاب سوسائٹی ستوکتلہ پولیس نے 02 رکنی موٹر سائیکل سنیچر گینگ گرفتار کر لیا۔ ترجمان۔ کے مطابق چوکی پنجاب سوسائٹی ستوکتلہ پولیس نے کاروائی کے دوران موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث ملزمان ندیم اور محمد بوٹا کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 10 چوری شدہ موٹر سائیکل، ہزاروں روپے نقدی، ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے

سابق ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر ہیڈ آف ویمنز کرکٹ تعینات

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سابق ڈپٹی کمشنر رافعہ حیدر کو ہیڈ آف ویمنز کرکٹ تعینات کر دیا۔ تعیناتی کی منظوری کے بعد رافعہ حیدر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ذرائع کے مطابق سابق ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر چیئرمین پی سی بی کی منظوری کے بعد ہیڈ آف ویمنز کرکٹ تعینات کر دی گئیں، انہوں نے بطور ہیڈ آف ویمنز کرکٹ جوائننگ دے دی۔ رافعہ حیدر نے ڈیپوٹیشن پر پی سی بی کو جوائن کیا ہے، تانیہ ملک کے مستعفی ہونے کے بعد ویمنز کرکٹ کے سربراہ کا عہدہ خالی تھا۔ تعیناتی کی منظوری کے بعد رافعہ حیدر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ذرائع کے مطابق سابق ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر چیئرمین پی سی بی کی منظوری کے بعد ہیڈ آف ویمنز کرکٹ تعینات کر دی گئیں، انہوں نے بطور ہیڈ آف ویمنز کرکٹ جوائننگ دے دی۔ رافعہ حیدر نے ڈیپوٹیشن پر پی سی بی کو جوائن کیا ہے، تانیہ ملک کے مستعفی ہونے کے بعد ویمنز کرکٹ کے سربراہ کا عہدہ خالی تھا۔

گرین ٹاؤن کے علاقے سے نومولود بچہ کی لاش برآمد

پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے نامعلوم خاتون کی تلاش شروع کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) گرین ٹاؤن کے علاقے سینومولود بچہ کی لاش برآمد، پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے نامعلوم خاتون کی تلاش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق گرین ٹاؤن کے علاقیحاکم چوک باگڑیاں سے نومولود بچہ کی لاش ملی جسے پولیس نے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر کے لاش پھینکنے والی نامعلوم خاتون کی تلاش شروع کر دی

حکومت سودی نظام کے خاتمہ کیلئے عملی اقدامات کرے، سنی علماء کونسل

حکومت وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ کی روشنی میں معاشی پالیسیاں تشکیل دے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکومت سودی نظام کے خاتمہ کیلئے عملی اقدامات کرے، ملک سے سودی نظام کا خاتمہ اور اسلامی نظام کا نفاذ حکومت کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے، حکومت وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ کی روشنی میں معاشی پالیسیاں تشکیل دے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک حکمران آئی ایم ایف کے شکنجے سے نہیں نکلیں گے سودی نظام سے جان نہیں چھڑائیں گے پاکستان ترقی و خوشحالی حاصل نہیں کر سکتا اور معاشی بحران سے نہیں نکل سکتا کیونکہ سود کا نظام اللہ تعالیٰ سے جنگ کا نظام ہے جس میں تباہی بدحالی اور پریشانی کے علاوہ کچھ نہیں ہے، پاکستان قدرت کی نعمتوں سے مالا مال ہے ہم نے اپنے وسائل پر توجہ نہیں دی مسائل بڑھ گئے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کی بجائے غیروں کی طرف رجوع کیا۔ سودی نظام کے خاتمہ کے لیے حکومت کی سنجیدہ توجہ درکار ہے، دقسمتی سے اسلامی جمہوری پاکستان میں 75 سال سے سودی نظام کے ذریعے اللہ اور رسول ﷺ کیساتھ جنگ جاری رکھی ہوئی جو قیامت تک نہیں جیتی جا سکتی۔



لاہور، وزیر پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر پنجاب خواجہ عمران نذیر سے آئی آر ایم این سی ایچ آفس میں لیڈی ہیلتھ سپروائزر کا وفد ملاقات کر رہا ہے

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقیہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض الاشہر
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

پولیس تھانہ نورشاہ امن وامان قائم کرنے میں مکمل طور پر ناکام علاقہ بھر میں سرعام ڈاکو دندنانے لگے

کیمر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نور شاہ امن وامان قائم کرنے میں مکمل طور پر ناکام علاقہ بھر میں سرعام ڈاکو دندنانے لگے اور شہریوں کو گن پوائنٹ پر لوٹنے لگے پولیس تھانہ نورشاہ نااہلی کی نیند میں خاموش تماشائی آر پی او ساہیوال سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نورشاہ کا علاقہ ڈاکوؤں کا گڑھ بن گیا پولیس تھانہ نورشاہ ڈاکوؤں کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام اور ڈاکو سرعام شہریوں کو لوٹنے لگے۔

تھانہ نورشاہ کے علاقے میں درندہ صفت انسان نے معصوم بچے کو درندگی کا نشانہ بنا ڈالا

معصوم بچہ گلی میں کھیل رہا تھا کہ ورغلا کر بدفعلی کا نشانہ بنا ڈالا بچے کی حالت غیر ہونے پر چھوڑ کر فرار

کیمر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) تھانہ نور شاہ کے علاقے میں درندہ صفت انسان نے معصوم بچے کو درندگی کا نشانہ بنا ڈالا معصوم بچہ گلی میں کھیل رہا تھا کہ ورغلا کر بدفعلی کا نشانہ بنا ڈالا بچے کی حالت غیر ہونے پر چھوڑ کر فرار تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل پولیس تھانہ نورشاہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرنے میں مکمل طور پر ناکام علاقہ بھر میں لاقانونیت عروج پر چک 69 فور آر میں انوار الحق کے 5 سالہ بچے محمد عثمان کو گلی میں کھیل رہا تھا کہ درندہ صفت انسان نوجوان سیف نے بچے کو ورغلا کر ساتھ لے گیا اور زبردستی بدفعلی کی جس سے بچہ بے ہوش ہو گیا تو خون میں لت پت بچے کو چھوڑ کر فرار ہو گیا بچے کو تشویش ناک حالت میں ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ساہیوال منتقل کر دیا گیا پولیس تھانہ نورشاہ نے درندہ صفت انسان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی متاثرہ بچے کے والد انوار الحق کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس درندہ صفت انسان کے خلاف سخت قانونی کاروائی کر کے قرار واقعہ سزا دی جائے اور ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

سٹی پریس کلب نارنگ کے وفد کی ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ سے ملاقات

چند روز میں ہی جرائم میں واضح کمی اور منشیات فروشوں کے خلاف پے در پے کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کیا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سٹی پریس کلب نارنگ کے وفد کی ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ سے ملاقات چند روز میں ہی جرائم میں واضح کمی اور منشیات فروشوں کے خلاف پے در پے کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کیا گیا وفد میں چیئرمین شاہد یوسف چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل صدر میاں محمد معظم نواز نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب ممبر سپریم کونسل عثمان مان اور لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ شامل تھے ملاقات میں ایس ایچ او انسپکٹر ظہیر عالم کو جرائم کی نشاندہی اور علاقے کو کرائم فری بنانے کیلئے تجاویز دی گئیں اپنی تعیناتی کے چند روز میں جرائم میں کمی اور ڈاکوؤں سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کرنے منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف مسلسل کارروائیاں کرنے پر پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ایس ایچ او نے سٹی پریس کلب کے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جرائم کے خاتمے کیلئے کردار ادا کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔



ساہیوال: ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود رورل ہیلتھ سینٹر L-5/55 کی زیر تعمیر عمارت کے دورے کے دوران ترقیاتی کام کے معیار اور رفتار کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ساہیوال نے رورل ہیلتھ سینٹر L-5/55 کی زیر تعمیر عمارت کا اچانک دورہ کیا اور تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا

اس موقع پر انہوں نے موقع پر موجود متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو عوامی فلاحی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانے اور منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایات دیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے رورل ہیلتھ سینٹر L-5/55 کی زیر تعمیر عمارت کا اچانک دورہ کیا اور تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے موقع پر موجود متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو عوامی فلاحی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانے اور منصوبے کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایات دیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے نہ صرف زیر تعمیر عمارت کی صورتحال کو جانچا بلکہ رورل ہیلتھ سینٹر کی پرانی بلڈنگ میں موجود طبی سہولیات کا بھی بغور جائزہ لیا۔ انہوں نے وہاں علاج معالجے کے لیے موجود شہریوں سے بات چیت کی اور ان کے مسائل اور ضروریات کو سمجھا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے موقع پر موجود طبی عملے کو ہدایت دی کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کمی نہ ہونے دی جائے۔ انہوں نے عوام کی شکایات کو فوری طور پر حل کرنے کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات میسر ہوں اور زیر تعمیر رورل ہیلتھ سینٹر کی بروقت تکمیل بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے علاج کے لیے وہاں مریضوں اور ان کے لواحقین سے صحت کی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا اور ان سے ملنے والی آراء کی روشنی میں مزید بہتری کے اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ علاقے کے عوام نے ڈپٹی کمشنر کے اس اقدام کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ جاری تعمیراتی منصوبے اور موجودہ سہولیات کی بہتری سے ان کے صحت سے متعلق مسائل حل ہوں گے۔



آصوبٹ گروپ کے 2 کس منشیات ڈیلر تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کی حراست میں

منشیات فروشی میں ملوث 2 کس آصوبٹ گروپ کے منشیات ڈیلر پولیس کے شکنجے میں

ملزمان کے قبضہ سے 3 کلو 860 گرام چرس برآمد، ملزمان کی گرفتاری پر سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ سید قیصر عباس شاہ کی زیر نگرانی۔ انچارج چوکی جنڈیالا باغوالہ ASI شوکت بٹ پہ مشتمل پولیس ٹیم نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرو یہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث 02 کس منشیات ڈیلرز کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 03 کلو 860 گرام چرس برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان کی شناخت شبیر بٹ۔ بلال چیمہ۔ ساکنان؟ کلر آبادی کے نام سے ہوئی۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ علاقہ بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتے تھے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے جیل بھیج دیا۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر پٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ سید قیصر عباس شاہ۔ انچارج چوکی جنڈیالا باغوالہ ASI شوکت بٹ اور انکی پولیس کی ٹیم کو شاباش دی اور کارکردگی کو سراہا۔

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گلوبل یونین آف جرنلسٹس کی ترقی اور مضبوطی کا سال ہے: چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) صحافتی اقدار کی پاسبان تنظیم گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ اور جنرل سیکرٹری محمد اطہر سلطان مغل نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ سال 2025 میں گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ میں اپنے قدم مزید مضبوط کرے گی۔ تنظیم کے ورکرز کیلئے متعدد فلاحی منصوبے زیر غور ہیں جن پہ عملی طور پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں رکنیت سازی کا عمل شفاف بنانے کیلئے "مقدار نہیں معیار" کا فارمولا مقرر کیا گیا ہے۔



فیصل آباد پاور لائنز کلب کی میٹنگ سے لائنز کلب انٹرنیشنل 305.N.1 ڈسٹرکٹ گورنر عاطف منیر شیخ، صدر مرزا محمد اسلم بیکر ٹری ضیاء الدین، عدنان رضا، میاں زوہیب سرور، عبدالناصر خطاب کر رہے ہیں

لائنز انٹرنیشنل آرگنائزیشن دوسو سے زیادہ ممالک میں خدمت خلق میں مصروف عمل ہے، عاطف منیر شیخ

لائنز انٹرنیشنل کلب بین الاقوامی سطح پر آرگنائزڈ سروسز کی فراہمی کا بہترین پلیٹ فارم ہے جب لوگوں کے مسائل سے درست طریقہ سے آگہی مل جاتی ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد پاور لائنز کلب کی میٹنگ سے لائنز کلب انٹرنیشنل 305.N.1 کے ڈسٹرکٹ گورنر عاطف منیر شیخ نے کہا کہ لائنز انٹرنیشنل آرگنائزیشن دوسو سے زیادہ ممالک میں خدمت خلق میں مصروف عمل ہے لائنز انٹرنیشنل کلب بین الاقوامی سطح پر آرگنائزڈ سروسز کی فراہمی کا بہترین پلیٹ فارم ہے جب لوگوں کے مسائل سے درست طریقہ سے آگہی مل جاتی ہے تو مسائل حل ہو جاتے ہے یہ ایک منظم کیزیادہ مفید اور وسعت کی حامل طریقہ ہے اور اپنی تمام تر توانائیاں کاز کو آگے بڑھانے میں صرف کریں گے کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنے اندر پوشیدہ صلاحیتوں کو ستعمال کرنے کی ہمت اور جستجو پیدا کریں انسان کو اشرف المخلوت بنا کر اللہ تعالیٰ نے اسے دوسروں کے کام آنے کی استطاعت عطا کیا ہے صدر مرزا محمد اسلم، بیکر ٹری ضیاء الدین، عدنان رضا، میاں زوہیب سرور عبدالناصر نے کہا لائنز کلب انٹرنیشنل نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے انہیں ذمہ داری ملنے پر استقامت کی دعا کرتے ہوئے کہ اپنی صلاحیتوں اور کارکردگی کی بنا پر لائنز کی ٹیم میں ایک قابل قدر اضافہ ثابت ہوں گے اور پاکستان میں لائنز کاز کے نفاذ کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ الحمدللہ رب العالمین صدر اور سیکریٹری فیصل آباد پاور نامزد ہونا ہمارے لئے اعزاز سے کم نہیں جنہوں نے بندہ ناچیز کو شفقت سے نوازا دعا گو ہوں اللہ پاک ہمیں اس منصب اور دوستوں کی توقعات پر پورا اترنے کی توفیق عطا فرمائے ہم اس مشکل وقت میں ضرورت مندوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں ہم ڈسٹرکٹ گورنر عاطف منیر شیخ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک طاقتور پیغام کے ساتھ ہماری تقریب سے خطاب اور اختتام کیا آپ کی موجودگی اور بصیرت نے ہمیں بہترین اور مثبت تبدیلی کے لیے جدوجہد کرنے کی ترغیب دی ہے آپ کی حکمت، رہنمائی، اور غیر متزلزل حمایت کے لیے آپ کا شکریہ۔ انھوں نے مزیدان کی انسانی ہمدردی کی کوششوں کو سراہتے ہوئے انہیں دکھی انسانیت کی فلاح و بہبود کی جانب ایک قابل ستائش قدم قرار دیا تقریب سے نے بھی خطاب کیا



فیصل آباد پاور لائنز کلب کی میٹنگ سے لائنز کلب انٹرنیشنل 305.N.1 ڈسٹرکٹ گورنر عاطف منیر شیخ، صدر مرزا محمد اسلم، بیکر ٹری ضیاء الدین، عدنان رضا، میاں زوہیب سرور، عبدالناصر خطاب کر رہے ہیں

چیف آفیسر ضلع کونسل کا سیالکوٹ میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن

وزیرآباد سیالکوٹ روڈ و ڈسکہ سٹی میں تجاوزات گرائی گئیں

خلاف قانون تعمیرات و تجاوزات کیخلاف اہریشن جاری رہیگا، فدا افتخار میر

ڈسکہ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) چیف آفیسر ضلع کونسل فدا افتخار میر اور تحصیل ایڈمنسٹریشن ڈسکہ کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ چیف آفیسر ضلع کونسل فدا افتخار میر کی زیر نگرانی وزیرآباد روڈ پر ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن میں اڈہ ساہوالہ میں روڈ کے اطراف میں پختہ و عارضی قائم ناجائز تعمیرات ہیوی مشینری کی مدد سے گرا دی گئیں۔ درجنوں ٹینٹ/ ٹین شاپس کو گرا کر روڈ کا کلیئر کر دیا گیا۔ وزیرآباد روڈ پر تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک آپریشن جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ دکاندار اور تجاوزات کنندگان از خود اپنی تجاوزات ہٹا دیں بصورت دیگر تجاوزات مسمار کی جائیں گی اور مقدمات اور جرمانے بھی کئے جائیں گے۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق کی زیر نگرانی فوارہ چوک ڈسکہ میں تجاوزات کی زد میں آنے والی دو دکانوں اور تھڑوں کو گرا دیا گیا اور 1632 اسکوائر فٹ جگہ واگذار کروا لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ڈسکہ میں عارضی اور مستقل تجاوزات کے خلاف جامع مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ فوارہ چوک کے ارگرد 1632 اسکوائر فٹ کے علاوہ اب تک ڈسکہ میونسپل کمیٹی کی حدود میں 2 کنال 10 مرلے اراضی کو تجاوزات مافیا سے واگذار کروایا گیا ہے۔

خوشی کے لمحات اللہ کی نعمت ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

خوشیوں میں شریک تمام مکاتب فکر کے عمائدین کا مشکور ہوں، فرزند سیالکوٹ



ڈسکہ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) ہنیفر زند سیالکوٹ کنونشن اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کے صاحبزادے سابق صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اوکی و گنہ کلاں سجاول علی وسیم ایڈووکیٹ کی شادی کی تقریبات گزشتہ دنوں جاری رہیں۔ بارات کی تقریب گوجرانوالہ میں جبکہ پرتکلف ولیمہ ضیافت کی تقریب گزشتہ رات کنال سٹی مارکی میں منعقد ہوئی۔ شادی کی تقریبات میں معروف سیاسی وسماجی رہنماؤں اور صحافیوں، وکلاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ خوشی کے لمحات اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں ان تمام خوشی کے لمحات میں اللہ تعالیٰ نے بہت مدد کی ہے اس ذات کا جتنا شکر ادا کیا جائے وہ کم ہے ہم ان تمام رفقاء عزیز و اقارب اور رشتہ داروں کے مشکور ہیں جو ہماری خوشیوں میں ہمارے شانہ بشانہ ہمارے ساتھ رہے ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شخص کو خوشیاں عطا کرے۔

شیخوپورہ، فاطمہ میڈیکل اینڈ سلیم سرجیکل ہسپتال کی تکمیل کا کام حتمی مرحلہ میں داخل

سی ای او ز شیخ محمد سلیم اور محمد افضل نے گزشتہ روز ہسپتال کا دورہ کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) فاطمہ میڈیکل اینڈ سلیم سرجیکل ہسپتال کی تکمیل کا کام حتمی مرحلہ میں داخل ہو گیا سی ای او ز شیخ محمد سلیم اور محمد افضل نے گزشتہ روز ہسپتال کا دورہ کیا اور تزئین و آرائش کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے میڈیا کو بتایا کہ فاطمہ میڈیکل اینڈ سلیم سرجیکل ہسپتال شیخوپورہ کا معیاری و جدید سہولیات سے مزین ہسپتال ثابت ہوگا جس میں ماہر ڈاکٹرز کی زیر نگرانی ہر قسم کے آپریشن کئے جائیں گے ہسپتال میں دل، معدہ، جگر مثانہ اور گردوں کے امراض سمیت تمام بیماریوں کا ماہر ڈاکٹرز علاج معالجہ یقینی بنائیں گے ہسپتال میں آئی سی یو نرسری اور لیبر روم سمیت زچہ بچہ کے علاج کیلئے تمام سہولیات میسر ہوں گی ہسپتال کی تکمیل جلد مکمل ہوتے ہی اسکے شاندار افتتاح کا اعلان کیا جائے گا تاکہ شیخوپورہ کے باسیوں کو ایک ہی چھت تلے جملہ امراض کے شافی علاج کی سہولیت میسر آسکے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اوکاڑہ آمد کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ کی دوڑیں لگ گئی

مسلم لیگ نون کی قیادت مریم نواز شریف کی آمد پر ان کے استقبال کی تیاریاں مکمل کرنے میں مصروف

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اوکاڑہ امد کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ کی دوڑیں لگ گئی۔ مسلم لیگ نون کی قیادت اپنے قائد کی بیٹی وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی امد پر ان کے استقبال کی تیاریاں مکمل کرنے میں مصروف۔ اوکاڑا بائی پاس پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ کا والہانہ استقبال کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی پاکپتن جانے سے قبل اوکاڑا امد متوقع ہے۔ اوکاڑہ کے مین روڈز ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال روڈ کے باہر سے تمام جگہ کو خالی کروا لیا گیا۔ مختلف روڈز پر پانی کے چھڑکاؤ اور صفائی ستھرائی کا کام جاری۔ میونسپل کارپوریشن کا عملہ شہر کی خوبصورتی اور چار چاند لگانے میں مصروف۔ مریم نواز کی متوقع امد کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے۔ ڈسٹرکٹ پولیس افیسر اوکاڑا کیپٹن ریٹائرڈ محمد راشد ہدایت کے احکامات کی روشنی میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔

نارووال ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کا ظفروال کا تفصیلی دورہ

ظفروال میں ختم نبوت چوک، شہر، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال، زیر تعمیر بوبک پل و دیگر مقامات کا وزٹ کیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ظفروال شبانہ نذیر، بی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد شہباز، ڈی ڈی ڈویلپمنٹ قمر عثمان نے ڈپٹی کمشنر نارووال کا پرتپاک استقبال کیا۔ ڈپٹی کمشنر ظفروال نیا اسسٹنٹ کمشنر شبانہ نذیر میکن کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا وزٹ کیا۔ انہوں نے بلڈ بنک، ایمرجنسی سمیت دیگر وارڈ کا راؤنڈ کیا اور وہاں پر داخل مریضوں سے ہسپتال کی طرف سے ان کے علاج معالجے کے حوالے سے دی جانے والی سہولیات بارے پوچھ گچھ کی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے سی ای او ہیلتھ نارووال اور ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال کو علاج معالجے کے سلسلہ مزید اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے ظفروال تا چونڈہ بڈیانہ کے درمیان میں زیر تعمیر بوبک پل کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عثمان قمر اور محکمہ ہائی ویز کے افسران نے ڈپٹی کمشنر نارووال کو بریفنگ دی جس پر انہوں نے متعلقہ افسران کو کام کی کوالٹی اور معیار کو بہتر بنانے کے ساتھ پل کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نارووال نے شہر میں صفائی ستھرائی اور ختم نبوت چوک کی تزین وارائش کے بارے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اپنے دورہ کے دوران گورنمنٹ ہائی سکول کا بھی دورہ کیا۔

رہنما پاکستان مسلم لیگ ن ضلع چکوال ملک محمد اصغر قضائے الٰہی سے وفات پا گئے

نماز جنازہ میں زندگی کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایڈووکیٹ ملک آصف کے والد محترم معروف سیاسی و سماجی شخصیت رہنما پاکستان مسلم لیگ ن ضلع چکوال ملک محمد اصغر قضائے الٰہی سے وفات پا گئے جن کی نماز جنازہ انکے آبائی گاؤں جھاٹلہ جسوال میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں زندگی کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی چوآسیدن شاہ کے صحافی و قوت اخبار کے بیورو چیف محمد ایوب سلطانی نے ملک آصف ایڈووکیٹ سے انکے والد محترم کی ناگہانی وفات پر اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کی بخشش و بلندی درجات کی دعا کی۔

ملک کو ترقی یافتہ بنانے کیلئے خود احتسابی کرنا ہوگی، اظہر حمید بھٹی

ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈرز معاشی استحکام کیلئے اکٹھے ہوں، بیرسٹر ابوبکر بھٹی



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان کو درپیش معاشی سیاسی سمیت تمام بحرانوں کا واحد حل ریاستی تمام اسٹیک ہولڈرز اور قوم کو خود احتسابی کا عمل کرتے ہوئے وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی اور معاشی استحکام کیلئے ایک پیج پر آنا ہوگا۔ اسی میں تمام ملکی مسائل کا واحد حل ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے معروف بزنس مین وسماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی، بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی و عباد اظہر آف سانزلے انٹرسٹریز نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان محل وقوع اور جغرافیائی لحاظ سے دنیا بھر میں سونے کی چڑیا مشہور ہے اور مشاہیر زمانہ کے ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کی کوالٹی پراڈکٹس کی دنیا بھر میں دھوم ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمیں وسیع تر ملکی ترقی وسلامتی اور خوشحالی کیلئے ہمیں بحیثیت مجموعی قومی یکجہتی کا مظہر بن کر اخلاقی و معاشرتی طور پر مثبت طرز عمل اپنانا ہوگا۔

نارنگ منڈی، شدید سردی میں بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ جاری شہری ذہنی مریض بن گئے

بغیر بتائے کئی کئی گھنٹے بجلی بند رہنا معمول بن گیا کم استعمال کے باوجود بجلی کی بندش سمجھ سے بالاتر ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شدید سردی میں بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ جاری شہری ذہنی مریض بن گئے بغیر بتائے کئی کئی گھنٹے بجلی بند رہنا معمول بن گیا کم استعمال کے باوجود بجلی کی بندش سمجھ سے بالاتر ہے سوتیلی ماں جیسا سلوک نہ کیا جائے شہریوں کا شکوہ دوسری جانب نارنگ منڈی کو ڈیفالٹر لسٹ میں شامل کر کے بجلی چوروں کے خلاف رینجرز اور آئی بی کی مدد سے آپریشن کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں گزشتہ برس ہزاروں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں اس کے باوجود بجلی چوروں کی تعداد میں کمی کی بجائے ڈیفالٹر صارفین کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس نے لیسکو کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے اہل علاقہ نے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا شکوہ دوسری جانب نارنگ منڈی کو ڈیفالٹر لسٹ میں شامل کر کے بجلی چوروں کے خلاف رینجرز اور آئی بی کی مدد سے آپریشن کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں گزشتہ برس ہزاروں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں اس کے باوجود بجلی چوروں کی تعداد میں کمی کی بجائے ڈیفالٹر صارفین کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس نے لیسکو کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض الاشہر

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی



ننکانہ صاحب: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ صاحب شہرینہ غلام مرتضیٰ جونیجو کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ منعقد ہوا

ننکانہ، صارفین کو گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی سے بچانے کیلئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے مارکیٹوں میں چیکنگ کا سلسلہ جاری

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ صاحب شہرینہ غلام مرتضیٰ جونیجو کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ماہ جنوری کے پہلے ہفتے کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صارفین کو گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی سے بچانے کے لیے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے مارکیٹوں میں چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ صاحب شہرینہ غلام مرتضیٰ جونیجو کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ماہ جنوری کے پہلے ہفتے کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خاور حفیظ نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی بارے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ افسران نے اینک 15 ہزار 3 سو 18 مقامات پر چھاپے مارے۔ 1096 افراد خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے جن کو 06 لاکھ 50 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 3171 افراد کو وارننگ نوٹس بھی جاری کیے گئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مارکیٹوں ،پھل، سبزیوں، کریانہ آئٹم کی طلب و رسد کی مقررہ کردہ ریٹ پر فروختگی و فراہمی کو یقینی بنایا جائے، قیمتوں میں کمی اور استحکام کے لئے اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ میں اشیائے خودونوش کی قیمتوں کی چیکنگ کریں اور منڈیوں میں روزانہ کی بنیاد پر سبزیوں اور پھلوں کی آکشن کی نگرانی کریں بلاوجہ کسی پر جرمانے عائد کرنا ہرگز مقصود نہیں ہے مگر گراں فروشوں، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کی سختی سے جانچ پڑتال کی جائے۔

ملک کی روز بروز بگڑتی ہوئی سیاسی صورت حال اور بے یقینی کی وجہ سے لوگوں میں مایوسی پھیل رہی ہے جس کی ذمہ دار پی ٹی آئی ہے، میاں خالد محمود

پارٹی کی مقبولیت میں دن بدن اضافے کی وجہ عوام ہی ہیں کیونکہ ہمارا جینا مرنا پاکستانی عوام کے ساتھ ہے جب تک زندہ ہیں تب تک عوامی خدمت کرتے رہیں گے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ ملک کی روز بروز بگڑتی ہوئی سیاسی صورت حال اور بے یقینی کی وجہ سے لوگوں میں مایوسی پھیل رہی ہے جس کی ذمہ دار پی ٹی آئی ہے جس کی قیادت ملک میں سیاسی معاشی استحکام کی راہ میں مسلسل رکاوٹیں کھڑی کرتی آرہی ہے پی ٹی آئی کے ساڑھے تین سالہ ناکام دور حکومت میں عوامی مایوسی کا آغاز ہوا اگر ملک کو اس مایوسی کے اندھیروں سے نکالنا ہے تو پھر ملک میں جلد سے جلد سیاسی استحکام لانا ہوگا جس سے معاشی استحکام وابستہ ہے پی ٹی آئی کی قیادت ہوش کے ناخن لے اور سیاسی مفادات کی بجائے قومی مفادات کی تکمیل کو ترجیح دے تاکہ ملکی مسائل کا حل یقینی بنایا جا سکے سیاسی مفاہمت میں جتنی تاخیر ہوگی مسائل میں اتنا ہی اضافہ ہوگا اور بے یقینی کی صورتحال بھی بڑھتی ہی چلی جائے گی، آئی پی پی جمہوری اصولوں پر یقین رکھتی ہے اور ہم جمہوریت کی مضبوطی اور ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کیلئے کردار ادا کرتے رہیں گے، پارٹی کی مقبولیت میں دن بدن اضافے کی وجہ عوام ہی ہیں کیونکہ ہمارا جینا مرنا پاکستانی عوام کے ساتھ ہے جب تک زندہ ہیں تب تک عوامی خدمت کرتے رہیں گے۔

حافظ آباد، شہر کے مختلف علاقو

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سستی بجلی کیلئے وزیراعظم کا جامع منصوبہ بندی کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے 2 ارب ڈالر قرض کی ادائیگی رول اوور کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملکی معیشت میں استحکام آرہا ہے۔ گذشتہ روز وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے بغیر ہماری صنعت، زراعت، برآمدات اور تجارت ترقی نہیں کرسکتی۔ بجلی کی قیمتوں کو کم کرنے سے متعلق کچھ تجاویز زیر غور ہیں جس پر رواں ہفتے ایک جامع منصوبہ بندی ترتیب دی جائے گی جس کے ذریعے ہماری ترقی ممکن ہوسکے گی۔ ہمیں اس کے لیے عالمی مالیاتی فنڈ کے پاس جانا پڑے گا۔ وزیراعظم نے معیشت میں استحکام آنے کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ رحیم یار خان میں شیخ محمد بن زید النہیان سے ملاقات ہوئی۔ شیخ محمد بن زید النہیان سے قرض ہدف کے متعلق سرمایہ کاری کی درخواست کی جس پر شیخ محمد بن زید النہیان نے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ یو اے ای کے روان ماہ جنوری میں واجب الادا 2 ارب ڈالر رول اوور کرنے کا فیصلہ کیا۔ یو اے ای کے صدر نے اس بارے میں آگاہ کیا۔ محمد شہباز شریف کی سربراہی میں اپریل 2022 میں پی ڈی ایم کی جماعتوں پر مشتمل حکومت بنی تھی ان پارٹیوں کی طرف سے بتایا گیا کہ معیشت پستیوں میں گر چکی ہے۔ پاکستان ڈیفالٹ ہونے کے قریب ہے۔ پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے حکومت کو سخت فیصلے کرنے پڑے۔ اس حوالے سے شہباز شریف کی طرف سے متعدد بار کہا گیا کہ انہوں نے ریاست بچانے کے لیے اپنی سیاست قربان کردی۔ فروری 2024 کے انتخابات کے بعد ایک مرتبہ پھر شہباز شریف وزیراعظم بنے اور ان کے اتحادیوں میں دو بڑی پارٹیاں پی پی پی اور ایم کیو ایم وہی ہیں جو 2022 میں بننے والی حکومت کا حصہ تھیں۔ اب شہباز شریف کی طرف سے کہا گیا ہے کہ معیشت میں استحکام آرہا ہے۔ شہباز شریف ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور دیگر وزرا کی طرف سے کہا جاتا رہا ہے کہ آئی ایم ایف سے نجات حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ آئی ایم ایف سے آخری پروگرام لے رہے ہیں۔ اس کے بعد آئی ایم ایف کے پاس نہیں جائیں گے۔ مگر گزشتہ تین چار پروگرام آخری ہونے کے باوجود آخری نہ ہوسکے۔ اب وزیراعظم کی طرف سے کہا گیا ہے کہ بجلی کی قیمتیں کم کرنے کے لیے آئی ایم ایف سے تعاون حاصل کیا جائے گا۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات پاکستان کے بہترین دوستوں میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کی طرف سے ہمیشہ پاکستان کی ضرورت پڑنے پر مدد کی گئی۔ بہت اچھا ہوگیا کہ امارات کے صدر نے دو ارب ڈالر رول اوور کردیئے ہیں۔ رائٹ آف یعنی قرض معاف کردیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔ قرض رول اوور ہونے سے یہ فائدہ ہوا کہ سر دست اتنی بڑی رقم آپ کو فوری طور پر ادا نہیں کرنا پڑے گی۔ قرض تو کوئی بھی ہو اس سے بہرکیف بچنے کی ضرورت ہے مگر قرض کوئی خوشی سے نہیں لیتا مجبوراً ہی لیا جاتا ہے۔ اگر مجبوراً ہی قرض لینا ہے تو پھر بجائے اس کے کہ بھاری سود پر آئی ایم ایف سے لیا جائے اور اس کی ناروا شرائط بھی ماننی جائیں۔ بہتر ہے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، ترکی، کویت، قطر اور چین جیسے دوست ممالک سے قرض لے لیا جائے۔ جن سے قرض معاف تو نہیں کروایا جاسکتا لیکن سود میں کمی کروائی جاسکتی ہے اور رول اوور بھی کروایا جاسکتا ہے۔ شہباز شریف نے بالکل درست کہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے بغیر ہماری صنعت، زراعت اور برآمدات، تجارت ترقی نہیں کرسکتی۔ کسی بھی ملک اور قوم کی ترقی کے لیے توانائی کا وافر مقدار میں اور سستا ہونا اولین ضرورت اور شرط ہے۔ توانائی میں پٹرول اور گیس کے نرخ کم کرنا بجلی کی قیمتوں میں کمی کرنے کے مقابلے میں قدرے مشکل ہے۔ پٹرول اور گیس کی زیادہ مقدار امپورٹ کرنی پڑتی ہے۔ گو کہ پاکستان میں پٹرول بھی پیدا ہوتا ہے اور گیس بھی۔ مگر وہ ملک کی ضروریات پوری نہیں کرسکتی تو امپورٹ کرنا مجبوری ہے۔ آپ کو ان دونوں مصنوعات کی قیمتوں کا تعین عالمی مارکیٹ کے نرخوں کے مطابق ہی کرنا پڑتا ہے۔ پٹرول اور گیس کی قیمتوں میں معتدبہ کمی اسی صورت کی جاسکتی ہے کہ ہم ان دونوں میں خود کفیل ہوجائیں یا خود کفالت کے قریب پہنچ جائیں۔ پٹرول اور گیس کے پاکستان میں ایسے ذخائر موجود ہیں جن کو ابھی دریافت کیا جانا ہے اس طرف کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ بجلی کی پیداوار کے حوالے سے حکومت پالیسی بنالے تو پاکستان میں صارفین کو اسی نرخ پر بجلی دستیاب ہوسکتی ہے جس پر آزاد کشمیر کے شہریوں کو ان کے احتجاج کے بعد فراہم کی جارہی ہے۔ کالا باغ ڈیم ہمارے حکمرانوں کی ترجیحات میں نہیں رہا۔ اگر کسی ایک حکومت کی بھی ترجیح ہوتی تو کالا باغ ڈیم بن چکا ہوتا۔ کالا باغ ڈیم کی تعمیر کے بغیر بھی بجلی سستی ترین اور وافر مقدار میں دستیاب ہوسکتی ہے۔ چھوٹے ڈیم بنائے جا سکتے ہیں سیکڑوں نہیں ہزاروں چھوٹے چھوٹے پاور پراجیکٹ دریاوں پر نہروں اور ندیوں پر لگائے جاسکتے ہیں پاکستان میں کئی مقامات پر ایسے پاور منصوبے کام کررہے ہیں۔ آج بھی بجلی پیدا کرنے کا سب سے سستا ذریعہ ہائیڈل ہے۔ ہوا سے بھی سستے نرخوں پر بجلی حاصل کی جاسکتی ہے۔ آسان اور سستی ترین بجلی پیدا کرنے کا ذریعہ سولر سسٹم بھی ہے۔ کچھ عرصے سے بجلی کی مہنگائی کا ملبہ آئی پی پیز اور ان کی کپیسٹی پیمنٹ پر ڈالا جارہا ہے۔ آئی پی پیز پاکستان کی معیشت کے لیے وہ جن ثابت ہوئی ہیں جو ہر چیز کو ملیامیٹ کرکے رکھ دیتا ہے۔ ان سے بہرصورت نجات حاصل کرلینی چاہیے۔ ہمارے سیاستدان آپس میں کیے گئے معاہدوں پر کہہ دیتے ہیں یہ معاہدے قران و حدیث نہیں ہیں۔ آئی پی پیز کے ساتھ ہونے والے معاہدے معیشت کے لیے فصل میں گھسا ہوا ہاتھی ثابت ہو رہے ہیں۔ ان ظالمانہ معاہدوں کو ختم کرانے کے لیے عالمی عدالت انصاف سے بھی رجوع کیا جاسکتا ہے۔ آج بجلی کے نرخ آسمانوں سے باتیں کررہے ہیں۔ پاکستان کی معیشت کی زبوں حالی کی وجہ بجلی کی یہ قیمتیں ہیں جس نے عام آدمی کی زندگی کو بھی اجیرن بنا کے رکھ دیا ہے۔ اس کے لیے بلا تاخیر انقلابی اقدامات اور قومی پالیسی بنانے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ معیشت مضبوط ہورہی ہے اب اس کے ثمرات ریلیف کی صورت میں عوام تک پہنچتے ہوئے بھی نظر آنے چاہئیں۔

دستکاری اور سلیقہ شعاری

دراَنجم کوئی یوں گوندھ لے اے شاد شکل ہے
سلیقہ انتہا کا چاہیئے موتی پرونے میں
ہے نظم کا سلیقہ ہر چند سب کو لیکن
جب جانے کوئی لاوے یوں موتی سے پروکر

لاہور چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی منتخب قیادت نو نے طرز کہن کے گھٹا ٹوپ اندھیروں کو خود کفالت اور خود انحصاری کی قندیلوں سے فروزاں کردیا ہے انہوں نے ہنرمند خواتین وحضرات کے دست ہنر سے نکلے ہوئے فن پاروں کی نمائش اور اس فن کی افزائش کے لیے ہر قسم کی آزمائش سے نکال کر سہولت اور ضرورت کے اسباب فراہم کر رہے ہیں ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سربراہ کی دوس نگاہ کا یہ اعجاز ہے میاں انجم نثار کے منصوبہ ساز ذہن سے تخلیق کردہ منصوبہ جات مختلف کمیٹیوں کے کنوینرز خواتین و حضرات بڑی خوبی اور حکمت سے ان پر عمل پیرا ہیں ، ہینڈی کرافٹ کمیٹی کی کنوینر محترمہ شائستہ ریاض نے گزشتہ روز چیمبر آف کامرس کے سینیئر نائب صدر جناب ظفر محمود چوہدری کی صدارت میں اراکین کمیٹی کی کثیر تعداد کو متعارف کروایا اور ظفر محمود چوہدری نے اپنے بصیرت افروز صدارتی کلمات میں اس میدان کو ملک کی معاشی خوشحالی کی بنیاد قرار دیتے ہوئے اس شعبہ کے ہنرمندوں کی سہولت، ضرورت اور آسانیاں پیدا کر کے ان گمنام دستکاروں کو متعارف کرا کر ان کے دست ہنر سے نکلے ہوئے فن پاروں کو خریدکر ان کی معاشی خوشحالی کے لیے چیمبر آف کامرس ہر قسم کی معاونت کرے گی۔ خود انحصاری اور خود کفالت بظاہر دو لفظ ہیں ، لیکن ان لفظوں کے عقب میں انسانی حمیت و غیرت اور خوداعتمادی کا وہ طوفان پنہاں ہے جسے اگر بروئے کار لایا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ملک کی معیشت کے اندر ایک حیرت انگیز انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے موجودہ قیادت سمجھتی ہے کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عملی پروگرام کو گہری نگاہ اور داخلی بصیرت کی روشنی میں سمجھنے اور اسے قابل عمل بنانے کے لیے اب تک جو کچھ کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ان گمنام لیکن محترم ملک کے محسنوں کو ان کے پاؤں پر کھڑا کرنے کی ایک تحریک ہے ہمارے یہ دستکار جن کو قدرت نے صبر و رضا ، قناعت ومحنت کی دولت سے مالا مال کر رکھا ہے، نہ جانے کن حالات میں گمنامی کے اتھاہ اندھیروں میں اپنی جدوجہد کے ذریعے عزم کی روشنی پھیلانے کے لیے کام کر رہے ہیں پاکستان کے شہروں کی گلیوں کو چوں دور افتادہ دیہاتوں اور بے آب وگیاہ وادیوں کے ان بے نام قصبوں میں ہاتھ سے کام کرنے والے اللہ کے دوستوں کو ان کی فنی مہارت کو سلام پیش کرتے ہیں، جن کی دستکاریوں کے اچھوتے اور نادر نمونے صاحبان ذوق سے داد و تحسین وصول کر رہے ہیں ، ظفر محمود چوہدری نے اپنے صدارتی کلمات میں ہنرمندوں کو نوید مسرت دیتے ہوئے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پیام حیات دیتی چلی آرہی ہے لاہور چیمبر آف کامرس کے پیش نظر نہ تو روپیہ کمانا ہے نہ ہی ایسی تاجرانہ ذہنیت رکھنے والا یہ ادارہ ہے جو لوگوں کی محنت اور ان کی ذہنی کاوشوں کو سستے داموں خرید کر بیرون ملک گراں قدر فروخت کر کے دولت جمع کرے، انہوں نے کہا کہ ہم نے دستکاروں کے درمیان اس مڈل مین کو نکال دیا ہے جو دستکاروں کی مصنوعات اور محنت شاقہ اور مہارت تامہ کا استحصال کر رہا تھا۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پاکستان کے دستکاروں کی تخلیقات کو آگے بڑھنے اور ان کی تخلیقات کو لوگوں کی نگاہ میں لائق تحسین بنانے کا کارنامہ سرانجام دے رہی ہے ، ہینڈی کرافٹ کمیٹی کی کنوینر شائستہ ریاض اور اراکین کمیٹی بے حد کامیاب و کامران



دکھائی دیتی ہے ، ہمارے ملک کے ہنرمند دستکار اور مادے کو روح کے قالب میں ڈھالنے کا کارنامہ سرانجام دینے والے اس ملک کی وہ متاع گراں مایہ ہے جن کا ذکر کیئے بغیر ہمارا مشن ادھورا رہے گا ، مادے کو لطافت کے قالب میں ڈھالنے والے یقیناً ان لوگوں سے کسی طرح کم ترنہیں ہیں جو بڑے بڑے تجرباتی اداروں میں بیٹھ کر فارمولے تیار کرتے ہیں، لیکن لائق تحسین تو یہ امر ہے کہ پاکستان کا دستکار وہ ہنرمند ناپختہ مکانوں اور انسانی رہائش کے ناقابل گلی محلوں میں بیٹھ کر اپنی فکر کی قندیلوں کو روشن رکھے ہوئے ہے اور جس کی تخلیقی کاوش نہ صرف ملک بلکہ دنیا کے بڑے بڑے ترقی یافتہ ملکوں کی نمائش گاہوں اور بازاروں میں پاکستان کے خاموش سفیروں کا کردار ادا کررہی ہیں، ظفر محمود چودری سینیئر نائب صدر لاہور چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری نے پورے یقین سے کہا کہ ہم وطن عزیز کو جلد از جلد بیرونی اقتصادی دباؤ سے نکال کر خود انصاری کی جگمگاتی ہوئی شاہراہ پر گامزن کردیں گے ہماری قیادت کی جانب سے خود ہی نصاری کا پیغام ہی نہیں بلکہ اس گھٹن کے دور میں تازہ ہوا کا نرم و سرد جھونکا ہے ہماری خواہش ہے کہ جلد از جلد ملک کی معیشت تجارت زراعت اور معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے قابل بنایا جائے یہاں اگر میں چیمبر آف کامرس کی سرگرم خاتون رہنما محترمہ فردوس شار کا تذکرہ نہ کروں تو یہ بہت بڑی ناانصافی ہوگی ، جنہوں نے مجھے چیمبر آف کامرس کے ہر شعبے سے وابستہ افراد کا تعارف کرایا اور خاص طور پر ہینڈی کرافٹس کمیٹی کی کنوینئر محترمہ شائستہ ریاض کی شاندار کارکردگی اور ان کی صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی محنت شاقہ اور مہارت تامہ کی بے پناہ تعریف کی ، محترمہ روبینہ عرفان کا عرفان جاگ رہا ہے اور وہ بھی پاکستان کی معاشی خوشحالی میں اپنے حصے کی شمع روشن رکھے ہوئے ہے، محترمہ نازش کی کاوش اللہ تعالیٰ کی نوازش ہے اور وہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی حکمت عملی سے شناسا ہے۔ آپ نے پاکستان کی جانب سے غیر ممالک میں صنعتی نمائشوں میں خواتین ہنرمندوں کی نمائندگی کی ہے اور یہ حقیقت ہے کہ نازش کی کاوش شائستہ ریاض کے لیئے بڑے خاصے کی چیز ہوں گی، محترمہ صائمہ تجارتی دنیا کا ایک معتبر نام ہے اور وہ ہنر مندوں کی ضرورت اور سہولت سے پوری طرح آگاہ ہیں، محترمہ عذرا چوھدری ملک وقوم کے لئے ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے کے لیئے تیار رہتی ہیں، محترمہ ثنا آصف کی فرض شناسی قابل ستائش اور فنی مہارت سے سرفراز ہے، محترمہ یاسمین سلیم، عقل سلیم اور اپنے قرطاس اعزاز پر تجربات و مشاہدات کے کئی اعزازات ثبت دیکھتی ہیں، محترمہ فردوس سخاوت اپنی سخاوت کی وجہ سے دشمنوں کو بھی دوست بنا کر ملک کی معاشی ترقی کے لئے ہمیشہ پیش پیش دکھائی دیتی ہیں، محترمہ مسرت جبین کے قرطاس جبین پر ایک باکمال خاتون کا کردار نمایاں ہے ان سے محترمہ فردوس نثار نے گذشتہ ہفتے رحمٰن فاؤنڈیشن کے دورے کے دوران ملاقات کروائی تھی جو میری فیس بک پر دوستی کی فہرست میں شامل ہیں، موصوفہ کو فنون لطیفہ کی ہر اصناف پر عبور اور فکری شعور ہے آپ کی موجودگی کسی بھی اجلاس میں ماحول میں آسودگی پیدا کرتی ہے۔ وہ شعر وسخن کی استاد ہیں اور موٹیویشنل سپیکر بھی، محترم عمران کی شایئنی نگاہ کا اعتراف نہ کرنا بھی ناانصافی کے زمرے میں آتا ہے، محترم نعیم گورایا پنجاب کا مان اور پنجاب کی ثقافت کے چلتے پھرتے سفیر ہیں، علی جواد کی فکری رعنائیوں کے چراغ روشن ہیں اور وہ درعلی کے علم سے استفادہ اور مؤدب ایستادہ ہیں، عاطف سلیم اور سلیم شیرازی دونوں اس بات پر راضی ہیں کہ وہ ریاض بھیکھ جیسے قلندر کی فکری دھمال پر رقصاں ہیں اور تجارت کو عبادت سمجھتے ہیں، حافظ مظہر گیلانی کی طبع کی روانی دریائے نیل وفرات کو حیرت میں اس وقت ڈھال دیتی ہے جو وہ سکوت و خامشی کے کوہساروں کو اپنی گفتگو طرازی سے ریزہ ریزہ کر دیتے ہیں وہ کثیر المقاصد منصوبہ جات پر عمل پیرا ہیں ، آپ بے شمار محاسن کا مجموعہ ہیں، امتیاز زکی کی زکی شخصیت کا حسن چاند کو شرماتا ہے۔ ملک افتخار کے خاکسار میں وقار اور افتخار تلاش کیا جاسکتا ہے۔ عامر علی کی مجموعی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع مطالعہ کا تقاضا کرتا ہے، لٹل ماسٹر مصطفیٰ مسعود کا کمال یہ ہے کہ یہ پیدائشی فن کار اور ہنرمندوں کی آبرو ہے۔ اس دست ہنر سے نکلے ہوئے فن پاروں کی نمائش بہت جلد طاہر نقاش اور حارون الرشید کے فن پاروں کے ساتھ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں لگائی جائے گی۔ جس کے لیئے محترمہ فردوس نثار کا پورا تعاون حاصل ہوگا اور افتتاح عزت مآب جناب میاں انجم نثار کے دست مبارک سے ہوگا ، اس نمائش کے سلسلے میں محترمہ شائستہ ریاض ایک اہم اجلاس میں تاریخ اور وقت ومقام کا اعلان کریں گی آخر میں آپ کو یہ بھی تجسس ہوگا کہ شائستہ ریاض کی کامیابی کا راز کیا ہے تو وہ خود ہی اپنے بارے میں بتا دیتی ہے کہ

میرا کمال میرا ہنر پوچھتے ہیں لوگ
اک باکمال شخص میری دسترس میں ہے
اور وہ باکمال شخص کون ہے ریاض احمد بھیکھ ہی ہوسکتا ہے۔ اس دفعہ تعارف تشنہ رہا ہے اس لیئے میں کہوں گا کہ
چلتا رہے رسم تعارف کا سلسلہ
آپ ہر بار مجھے اجنبی کی طرح ملیں

فضیلت مآب جناب ظفر محمود چوہدری جیسے عظیم انسان کی ملکوتی شخصیت کامیابی کی ضمانت اور ان کی صلاحیتوں کا اعتراف لاتعداد فلاحی تنظیموں نے کیا ہے۔ خطاطی کے فن پاروں کی نمائش ادارہ علم و فن کے ساتھ مل کر بین الاقوامی سطح پر محترمہ فردوس نثار کی خصوصی کاوش اور شبانہ روز محنت سے کامیاب ہوئی تھی جس کا افتتاح عزت مآب جناب میاں انجم نثار نے اپنے دست مبارک سے کیا تھا جس کی صدائے بازگشت آج بھی ایران، ترکی، شام وایران سے سنائی دی جارہی ہے اور ادارہ علم وفن کے سربراہ بین الاقوامی شہرت یافتہ خطاط ومصور عرفان احمد قریشی دوسری بین الاقوامی سطح کی نمائش کا اہتمام کررہے ہیں۔

قومی سلامتی میں نوجوانوں اور فوج کا مشترکہ کردار

سب سے زیادہ براہ راست اور اثر انگیز طریقوں میں سے ایک جس میں پاکستانی نوجوان قومی سلامتی میں حصہ ڈالتے ہیں وہ مسلح افواج میں خدمات انجام دینا ہے۔ ہر سال ، ہزاروں نوجوان مرد وخواتین فرض اور حب الوطنی کے مضبوط احساس کی وجہ سے پاک فوج ، بحریہ اور فضائیہ میں شامل ہوتے ہیں۔ پاکستانی فوج ، خاص طور پر، طویل عرصے سے ملک کی سرحدوں کے دفاع اور بیرونی اور داخلی سلامتی کے خطرات سے نمٹنے کے لیے اپنے نوجوان فوجیوں کی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت پر انحصار کرتی رہی ہے۔ پاکستان کے دفاع میں نوجوانوں کی شراکت کی ایک قابل ذکر مثال 1965 اور 1971 کی جنگوں کے ساتھ ساتھ شورش اور دہشت گردی کے خلاف حالیہ مصروفیات میں ان کی فعال شرکت ہے۔ ان تنازعات میں نوجوان فوجیوں نے مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے غیر معمولی ہمت اور لچک کا مظاہرہ کیا۔ حالیہ برسوں میں نوجوانوں کی بھرتیوں نے پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا ہے ، خاص طور پر آپریشن ضرب عضب (2014) اور آپریشن ردالفساد (2017) میں۔ ان کارروائیوں کا مقصد دہشت گردی کے نیٹ ورکس کو ختم کرنا اور ملک کی سرحدوں کو مستحکم کرنا تھا ،جس میں نوجوان فوجیوں نے عسکریت پسندی کو شکست دینے اور پاکستان کی شہری آبادی کی حفاظت کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی (پی ایم اے) جیسے ادارے نوجوان صلاحیتوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے رہتے ہیں اور انہیں ہنرمند لیڈر اور جنگجو بننے کی تربیت دیتے ہیں۔ یہ پروگرام حب الوطنی، نظم وضبط اور عزم کی اقدار پیدا کرتے ہیں، جس سے قوم کی خدمت کے لیے تیار بے لوث افراد کا ایک مستقل سلسلہ یقینی بنتا ہے۔ فوجی خدمات کے علاوہ بہت سے نوجوان پاکستانی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے ذریعے قومی سلامتی میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ 11/9 حملوں کے تناظر میں پاکستان دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں ایک اہم کھلاڑی بن گیا، جس میں دہشت گرد گروہوں، باغیوں اور انتہا پسند گروہوں کی طرف سے پیش کردہ متعدد داخلی سلامتی کے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا۔ نوجوان پاکستانیوں نے نہ صرف سیکورٹی ایجنسیوں میں رضا کارانہ طور پر خدمات انجام دی ہیں بلکہ پاکستان رینجرز، فرنٹیئر کور، انسداد دہشت گردی فورس (اے ٹی ایف) اور انٹر سروسز انٹیلی جنس جیسی تنظیموں میں قائدانہ کردار ادا کیے ہیں۔ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں نوجوانوں کی شمولیت کی ایک قابل ذکر مثال کراچی اور دیگر غیر مستحکم علاقوں میں پاکستان رینجرز کا کردار ہے، جہاں نوجوان افسران نے شہری دہشت گردی کا مقابلہ کرنے، شہریوں کی حفاظت اور امن وامان برقرار رکھنے کے لیے انتھک محنت کی ہے۔ دہشت گردی، انتہا پسندی اور منظم جرائم سے نمٹنے کے لیے 2013 میں شروع کیے گئے کراچی آپریشن کے دوران قانون نافذ کرنے والے نوجوان افسران نے عسکریت پسند گروہوں سے شہر کو نمٹنے کے لیے تکنیکی حل پر تیزی سے انحصار کرتا بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ مزید برآں، انسداد دہشت گردی کے محکمے (سی ٹی ڈی) کے نوجوان افسران نے انٹیلی جنس اکٹھی کرنے، شورش مخالف کارروائیوں، اور انتہا پسند نظریات کا مقابلہ کرنے کے لیے کمیونٹی تک رسائی میں اہم کردار ادا کیا ہے ، جس سے پاکستان کے حفاظتی آلات کو مزید تقویت ملی ہے۔ پاکستان میں نوجوانوں کی زیر قیادت تنظیمیں مقامی دفاعی کوششوں میں نوجوانوں کو شامل کرکے اندرونی سلامتی کو



بڑھانے میں کلیدی معاون کے طور پر ابھری ہیں اور خاص طور پر سرحدی علاقوں اور باغیوں کے خطرات کا سامنا کرنے والے علاقوں میں ان کی اہمیت نمایاں ہے۔ اکیسویں صدی میں قومی سلامتی جغرافیائی سرحدوں سے آگے بڑھ گئی ہے۔ ڈیجیٹل دور نے سیکورٹی کے نئے چیلنجز متعارف کرائے ہیں اور پاکستانی نوجوان ملک کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے تحفظ میں ضروری ثابت ہوئے ہیں۔ سرکاری نظام سے لے کر اہم صنعتوں اور اداروں تک ہر چیز کو نشانہ بنانے والے ریاستی اور غیر ریاستی اداکاروں کے سائبر حملوں میں اضافے کے ساتھ نوجوان پاکستان کے سائبر اسپیس کے دفاع میں ناگزیر ہو گئے ہیں۔ سائبر سیکورٹی میں نوجوانوں کی شمولیت کی ایک قابل ذکر مثال پاکستان سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (پی اے سی ای آر ٹی) ہے جو ملک کے ڈیجیٹل اثاثوں کو ابھرتے ہوئے خطرات سے بچانے کے لیے تندہی سے کام کرتی ہے۔ بہت سے نوجوان سائبر سیکیورٹی ماہرین، جن کا اکثر کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ کا پس منظر ہوتا ہے، نے پاکستان کے اہم انفراسٹرکچر کو سائبر خطرات سے بچانے میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے۔ یہ نوجوان پیشہ ورانہ افراد ملک کی سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کے لیے سرکاری ایجنسیوں، نجی شعبے کی کمپنیوں اور تعلیمی اداروں کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ مزید برآں ، نوجوانوں کی قیادت میں اقدامات ، جیسے کہ یونیورسٹیوں اور ہائی اسکولوں میں سائبر سیکیورٹی آگاہی پروگرام، نوجوانوں کو سائبر خطرات کے خطرات اور ان کے خلاف دفاع کے بارے میں تعلیم دے رہے ہیں۔ مثبت ہیکرز اور سائبر سیکیورٹی کے شوقین نوجوان نظام میں کمزوریوں کی نشاندہی کرکے اور پاکستان کو سائبر جاسوسی ، ہیکنگ اور ڈیٹا کی خلاف ورزیوں سے بچانے میں مدد کرکے اہم معاون بن رہے ہیں۔ سائبر سیکیورٹی میں نوجوانوں کی شمولیت کیچپر دی فلیگ (سی ٹی ایف) جیسے عالمی مقابلوں تک بھی پھیلی ہوئی ہے جہاں پاکستان کے نوجوان ٹیک ماہرین نے اخلاقیات پر مبنی ہیکنگ اور ڈیجیٹل دفاع میں اپنی صلاحیتوں کے لیے پہچان حاصل کی ہے۔ یہ کوششیں اہم ہیں کیونکہ ان سے پاکستان اپنے فوجی اور قومی سلامتی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بناتا ہے اور نئے اور ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے تکنیکی حل پر تیزی سے انحصار کرتا ہے۔ فوجی اور انٹیلی جنس کے شعبوں میں روایتی کرداروں سے بالاتر ہو کر بہت سے نوجوان پاکستانی امن، سماجی استحکام اور تنازعات کے حل کی وکالت کر کے قومی سلامتی میں حصہ ڈال رہے ہیں۔ پیس فاؤنڈیشن پاکستان اور یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان جیسی تنظیموں نے مکالمے کو فروغ دینے اور قومی اتحاد کو فروغ دینے میں مرکزی کردار ادا کیا ہے، خاص طور پر دہشت گردی، فرقہ وارانہ تشدد اور نسلی تقسیم سے متاثرہ علاقوں میں۔ پرتشدد انتہا پسندی کا مقابلہ کرنے پر مرکوز نوجوانوں کی قیادت والے پروگرام انتہا پسندی کا شکار کمیونٹیز میں ضروری ثابت ہوئے ہیں۔ نوجوان کارکنوں اور سماجی کارکنوں نے، جو اکثر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور کمیونٹی کے رہنماؤں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں ، مقامی تنازعات کو حل کرنے اور امن کو فروغ دینے کے لیے بین المذہبی اور بین النسلی مکالمے کی سہولت فراہم کی ہے۔ اس کی ایک قابل ذکر مثال دہشت گردی کے خلاف نوجوانوں کی تحریک (وائی اے ٹی) ہے، جو انتہا پسندی کے خطرات اور سماجی ہم آہنگی کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے نوجوان پاکستانی طلباء ، کارکنوں اور پیشہ ورانہ افراد کو اکٹھا کرتی ہے۔ بیداری مہمات ، ورکشاپس اور عوامی مباحثوں کے ذریعے یہ اقدام نوجوانوں کو اپنی برادریوں میں تبدیلی کے ایجنٹس بننے کا اختیار دیتا ہے، جس سے عسکریت پسند نظریات کی اپیل کم ہوتی ہے۔ پاکستانی نوجوان رضا کارانہ خدمات کے ذریعے قومی سلامتی میں بھی نمایاں کردار ادا کرتے ہیں، خاص طور پر آفات سے نمٹنے، انسانی امداد اور کمیونٹی کی لچکدار کوششوں میں۔ چاہے سیلاب اور زلزلے جیسی قدرتی آفات کا جواب دینا ہو یا مقامی سلامتی کے اقدامات میں مشغول ہونا ہو، نوجوان رضا کار اکثر قومی استحکام کے محاذ پر ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر، 2010 کے سیلاب کے دوران ، نوجوان رضا کاروں نے فوری امداد فراہم کرنے، خوراک تقسیم کرنے، طبی امداد کی پیشکش کرنے اور متاثرہ برادریوں کی تعمیر نو میں مدد کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ کووڈ-19 وبا کے دوران نوجوان رضا کار معلومات پھیلانے، صف اول کے کارکنوں کی مدد کرنے اور کمزور آبادیوں کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے میں اہم تھے۔ رضا کارانہ خدمات کا یہ جذبہ نوجوانوں کی قیادت والی تنظیموں جیسے دی سٹیزن فاؤنڈیشن (ٹی سی ایف) اور انڈس ہاسپٹل میں بھی واضح ہے، جہاں نوجوان صحت عامہ، تعلیم اور سماجی بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں جو قومی استحکام اور سلامتی کے کلیدی ستون ہیں۔ پاکستانی نوجوان اور پاک فوج متحد ہوکر قوم کی سلامتی کے لیے ہم آہنگی سے کام کر رہے ہیں۔ قومی دفاع کے ان دو اہم اجزاء کے درمیان تعلق مضبوط اور اٹوٹ ہے۔ ہمارے دشمنوں کی طرف سے ہمارے نوجوانوں اور مسلح افواج کے درمیان تقسیم کرنے کی بدنیتی پر مبنی کوششیں ناکام ہو جائیں گی کیونکہ پوری قوم پاکستان کی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہماری بہادر فوج کی حمایت اور تعاون جاری رکھنے کا عہد کیے ہوئے ہے۔

مرغی کا اڑان پروگرام جاری

1990 کی دہائی میں تھائی لینڈ میں چکن کا بحران کھڑا ہوگیا مرغی کی فارمنگ کرنے والوں نے ایک تنظیم بنالی جس نے مختلف کہانیاں گھڑ کر مرغی کی قیمتیں اسی باٹ فی کلو تک پہنچا دیں حکومت تھائی لینڈ نے انہیں بہت سی وارننگ جاری کیں مختلف حربے استعمال کیے لیکن کسی طور بھی چکن کی قیمتیں کم کرنے میں کامیابی حاصل نہ ہوسکی آخر کار ان کی پرائس کنٹرول کمیٹی نے ان سے مذاکرات کا فیصلہ کیا مذاکرات کئی روز تک جاری رہے لیکن چکن مافیا کسی طور کی قیمتیں کم کرنے پر راضی نہ ہوئی یہ خبر بادشاہ بھومی بول تک پہنچ گئی بادشاہ نے فوراً وزیراعظم کو طلب کیا اور ان سے کسی بھی صورت قیمتیں کم کروانے کا کہا اس نے ایک ہفتے کا وقت لیا بہت کوششیں کی لیکن کامیابی حاصل نہ ہوسکی انہوں نے سرکاری میڈیا کے ذریعے ایک زبردست کمپین چلائی گئی لوگوں کو چکن کا بائیکاٹ کرنے کا مشورہ دیا تھائی بلاشبہ بحیثیت قوم ہم سے بہت آگے ہیں انہوں نے حکومت کی اس کمپین میں بھرپور ساتھ دیا لیکن اس کے باوجود چکن مافیا نے ہارنہ مانی آخر کار تھائی لینڈ گورنمنٹ نے اپنی عوام کو خرگوش، بطخ اور م

ISLAMIC EDITION

روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

اسلام میں پردے کی اہمیت

اسلام میں پردے کی اہمیت اور شرعی حکم

عظمت اللہ خان کیرانوی اسلام امن پسند مذہب ہے اور مکمل ضابطہ حیات ہے، جس کے ذریعہ انسان بشریت کے تقاضوں کو پورا کر سکتا ہے، تاریکیوں کو اجالوں میں بدل سکتا ہے۔ اسلام اور اسلامی نظام حیات ایک پاک وصاف معاشرے کی تعمیر اور انسانی اخلاق وعادات کی تہذیب کرتا ہے۔ اسلام نے جہالت کے رسم ورواج اور اخلاق وعادات کو جو ہر قسم کے فتنہ وفساد سے لبریز تھے یکسر بدل کر ایک مہذب معاشرے اور تہذیب کی داغ بیل ڈالی جس سے عام انسان کی زندگی میں امن چین اور سکون ہی سکون در آیا۔ اسلام اپنے ماننے والوں کی تہذیب اور پر امن معاشرے کے قیام کے لئے جو پہلی تدبیر اختیار کرتا ہے وہ ہے، انسانی جذبات کو ہر قسم کے ہیجان سے بچانا وہ مرد اور عورت کے اندر پائے جانے والے فطری میلانات کو اپنی جگہ باقی رکھتے ہوئے انہیں فطری انداز کے مطابق محفوظ اور تعمیری انداز دیتا ہے اسلام یہ چاہتا ہے کہ عورت کا تمام تر حسن وجمال اس کی تمام زیب وزینت اور آرائش وشنگار میں اس کے ساتھ صرف اس کا شوہر شریک ہو کوئی دوسرا شریک نہ ہو عورت اپنی آرائش اور جمال صرف اپنے مرد کے لئے کرے، اگر دیکھا جائے تو عورت درحقیقت تمام شنگار وآرائش مرد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اس کی خصوصی توجہ کے حصول کے لئے ہی کرتی ہے اسلام ایسا دین ہے جو انسان کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تہذیب کرتا ہے ان کے لئے پاکیزہ طریقہ وضع کرتا ہے تاکہ کوئی مسلمان اور اہل ایمان کسی طریقے سے کسی برائی میں مبتلا نہ ہو اور ان کے میلانات جائز طریقوں تک محدود رہیں اللہ ہی ہے جو تمام اعتبالی تدابیر اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے، جس سے انسانی فطرت کی نفسیاتی تعلیم وتربیت ہوتی ہے۔ عورت کے حسن وجمال کو اس کا شوہر شریک ہو کوئی دوسرا شریک نہ ہو عورت اپنی آرائش اور جمال صرف اپنے مرد کے لئے کرے، اگر دیکھا جائے تو عورت درحقیقت تمام شنگار وآرائش مرد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اس کی خصوصی توجہ کے حصول کے لئے ہی کرتی ہے اسلام ایسا دین ہے جو انسان کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تہذیب کرتا ہے ان کے لئے پاکیزہ طریقہ وضع کرتا ہے تاکہ کوئی مسلمان اور اہل ایمان کسی طریقے سے کسی برائی میں مبتلا نہ ہو اور ان کے میلانات جائز طریقوں تک محدود رہیں اللہ ہی ہے جو تمام اعتبالی تدابیر اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے، جس سے انسانی فطرت کی نفسیاتی تعلیم وتربیت ہوتی ہے۔ عورت کے حسن وجمال کو اس کا شوہر شریک ہو کوئی دوسرا شریک نہ ہو عورت اپنی آرائش اور جمال صرف اپنے مرد کے لئے کرے، اگر دیکھا جائے تو عورت درحقیقت تمام شنگار وآرائش مرد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اس کی خصوصی توجہ کے حصول کے لئے ہی کرتی ہے اسلام ایسا دین ہے جو انسان کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تہذیب کرتا ہے ان کے لئے پاکیزہ طریقہ وضع کرتا ہے تاکہ کوئی مسلمان اور اہل ایمان کسی طریقے سے کسی برائی میں مبتلا نہ ہو اور ان کے میلانات جائز طریقوں تک محدود رہیں اللہ ہی ہے جو تمام اعتبالی تدابیر اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے، جس سے انسانی فطرت کی نفسیاتی تعلیم وتربیت ہوتی ہے۔

عورت کا سر اور بدن ڈھانپنا اسلام کا ایک اہم حکم ہے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگائیں کہ قرآن کریم میں اس کا ذکر کئی جگہ آیا ہے۔ اس کے علاوہ احادیث میں بھی اس کی بہت تاکید آئی ہے۔ اس کے باوجود بعض مسلمان اس حکم کی اہمیت کو نہیں سمجھتے اور اس کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ اس کی وجہ سے بہت سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس حکم کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھا جائے۔ اس کے بعد ہی اس پر عمل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس کے بغیر اس حکم کی اہمیت کو سمجھنا ممکن نہیں ہے۔ اس لیے ہم پہلے اس کی اہمیت پر بات کریں گے۔ اس کے بعد اس کے احکام پر بات کریں گے۔ اس کے بعد اس کی خلاف ورزی کے نقصانات پر بات کریں گے۔ اس کے بعد اس کی خلاف ورزی کے فوائد پر بات کریں گے۔ اس کے بعد اس کی خلاف ورزی کے فوائد پر بات کریں گے۔

اسلام میں پردے کی اہمیت

اسلام میں پردے کی اہمیت اور شرعی حکم

عظمت اللہ خان کیرانوی اسلام امن پسند مذہب ہے اور مکمل ضابطہ حیات ہے، جس کے ذریعہ انسان بشریت کے تقاضوں کو پورا کر سکتا ہے، تاریکیوں کو اجالوں میں بدل سکتا ہے۔ اسلام اور اسلامی نظام حیات ایک پاک وصاف معاشرے کی تعمیر اور انسانی اخلاق وعادات کی تہذیب کرتا ہے۔ اسلام نے جہالت کے رسم ورواج اور اخلاق وعادات کو جو ہر قسم کے فتنہ وفساد سے لبریز تھے یکسر بدل کر ایک مہذب معاشرے اور تہذیب کی داغ بیل ڈالی جس سے عام انسان کی زندگی میں امن چین اور سکون ہی سکون در آیا۔ اسلام اپنے ماننے والوں کی تہذیب اور پر امن معاشرے کے قیام کے لئے جو پہلی تدبیر اختیار کرتا ہے وہ ہے، انسانی جذبات کو ہر قسم کے ہیجان سے بچانا وہ مرد اور عورت کے اندر پائے جانے والے فطری میلانات کو اپنی جگہ باقی رکھتے ہوئے انہیں فطری انداز کے مطابق محفوظ اور تعمیری انداز دیتا ہے اسلام یہ چاہتا ہے کہ عورت کا تمام تر حسن وجمال اس کی تمام زیب وزینت اور آرائش وشنگار میں اس کے ساتھ صرف اس کا شوہر شریک ہو کوئی دوسرا شریک نہ ہو عورت اپنی آرائش اور جمال صرف اپنے مرد کے لئے کرے، اگر دیکھا جائے تو عورت درحقیقت تمام شنگار وآرائش مرد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اس کی خصوصی توجہ کے حصول کے لئے ہی کرتی ہے اسلام ایسا دین ہے جو انسان کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تہذیب کرتا ہے ان کے لئے پاکیزہ طریقہ وضع کرتا ہے تاکہ کوئی مسلمان اور اہل ایمان کسی طریقے سے کسی برائی میں مبتلا نہ ہو اور ان کے میلانات جائز طریقوں تک محدود رہیں اللہ ہی ہے جو تمام اعتبالی تدابیر اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے، جس سے انسانی فطرت کی نفسیاتی تعلیم وتربیت ہوتی ہے۔ عورت کے حسن وجمال کو اس کا شوہر شریک ہو کوئی دوسرا شریک نہ ہو عورت اپنی آرائش اور جمال صرف اپنے مرد کے لئے کرے، اگر دیکھا جائے تو عورت درحقیقت تمام شنگار وآرائش مرد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اس کی خصوصی توجہ کے حصول کے لئے ہی کرتی ہے اسلام ایسا دین ہے جو انسان کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تہذیب کرتا ہے ان کے لئے پاکیزہ طریقہ وضع کرتا ہے تاکہ کوئی مسلمان اور اہل ایمان کسی طریقے سے کسی برائی میں مبتلا نہ ہو اور ان کے میلانات جائز طریقوں تک محدود رہیں اللہ ہی ہے جو تمام اعتبالی تدابیر اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے، جس سے انسانی فطرت کی نفسیاتی تعلیم وتربیت ہوتی ہے۔

کیا احد رضا میر اور دنانیر مبین کا رشتہ طے ہوگیا؟ تصویر کی حقیقت سامنے آگئی

آصف رضا میر اور بیٹے احد رضا میر کی دنانیر کو ہار پہنانے اور مٹھائی پیش کرنے کی ویڈیو وائرل

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کی مشہور سوشل میڈیا اسٹار پاوری گرل اور ابھرتی ہوئی اداکارہ دنانیر مبین اور احد رضا میر کے نئے ڈرامے م سے محبت کے سیٹ سے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے۔اپنے مشہور ڈائیلاگ پاوری ہورہی ہے کی ویڈیو سے شہرت کی بلندیوں پر پہنچنے والی دنانیر نے حال ہی میں اپنی گریجویشن مکمل کی ہے، دنانیر کی گریجویشن کی خوشی میں ساتھی اداکاروں نے انہیں مزاحیہ انداز میں سرپرائز دیا جس پر دنانیر قہقہے لگاتی نظر آئیں۔دنانیر کو ان کے ساتھی اداکار احد رضا میر اور ان کے والد، معروف اداکار عاصف رضا میر نے تحفے دیے۔احد رضا میر نے دنانیر کو مبارکباد دینے کے لیے نوٹوں کا ہار پہنایا جبکہ آصف رضا میر نے مٹھائی کا تحفہ پیش کیا اور انہیں گریجویشن کی مبارکباد دی۔دنانیر سینئر اداکاروں کی جانب سے ملنے والی اس مزاحیہ انداز کی مبارکباد پر نہایت خوش اور پرجوش دکھائی دیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی اس ویڈیو کو دیکھ کر صارفین پہلے تو حیرت میں مبتلا ہوئے اور سمجھے کے احد اور دنانیر کا رشتہ طے ہونے کے باعث انہیں ہار اور مٹھائی پیش کی جارہی ہے تاہم بعد میں انہیں ویڈیو کی حقیقت معلوم ہوئی۔واضح رہے کہ ڈرامہ میم سے محبت، میں دنانیر اور احد رضا میر کی جوڑی کو ناظرین بے حد پسند کررہے ہیں جو سوشل میڈیا کی بھی زینت بنا ہوا ہے۔





مسلمان ہونے کے بعد راکھی ساونت کی نیو ایئر نائٹ مسجد نبوی ﷺ میں ویڈیو آگئی



